قرآنی نظام ربوبیت کا پیامبر

طلوعِ اسلام

جولائی
1998ء

مین آف دی میچ

ڈاکٹر عبدالقدیر خان

کامل مومن وہ ہے جو خوش اخلاق اور گھر والوں سے نرم سلوک کرنے والا ہو۔ (ترمذی)

A perfect believer is that who is nice in behaviour and kind to his family members. (Tirmizi)

SHAHAB

QUALITY PISTON RINGS

THE ONLY MANUFACTURERS OF INTERNATIONAL QUALITY PISTON RINGS IN PAKISTAN.

MINIMIZE WEAR
RESTORE COMPRESSION
GET MORE POWER
CONTROL OIL

CALL US FOR THE EXCELLENT RECONDITIONING OF AUTOMOBILE ENGINES OF ALL KINDS.

M. SHAH MOHAMMAD & SONS (PVT.) LTD.

OUTSIDE PAK GATE, MULTAN, PAKISTAN
PHONE OFFICES: 545071, 75571, 539071-73
FACTORY 550171

قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر
طلوعِ اسلام

25-B گلبرگ 2 (طلوعِ اسلام روڈ) لاہور 54660

Phone: 5714546 - 5753666 - 5764484
Email toluelsalm@pol.com.pk tluislam@brain.net.pk
web.toluislam.com

چیئرمین: ایاز حسین انصاری
ناظم: محمد لطیف چوہدری

ناشر: عطاء الرحمٰن ارائیں
سرکولیشن منیجر: مرزا زمرّد بیگ

ایڈیٹر
محمد لطیف چوہدری

مجلسِ مشاورت: عبداللہ ثانی، ڈاکٹر صلاح الدین اکبر، بشیر احمد عابد

مجلہ طلوع اسلام کا سالانہ زرِ شرکت

پاکستان میں	=/170 روپے
یورپ اور مڈل ایسٹ	=/600 روپے
امریکہ، آسٹریلیا، کینیڈا	=/800 روپے

ادارہ طلوع اسلام کا اکاؤنٹ نمبر

اکاؤنٹ نمبر: 3082-7 نیشنل بنک
مین مارکیٹ گلبرگ لاہور

اشتہارات کے نرخ یہ ہیں

صفحات	ایک بار	سال بھر کیلئے
باہر ٹائیٹل	=/800 روپے	=/6,000 روپے
اندر ٹائیٹل	=/600 روپے	=/5,000 روپے
اندر کے صفحات	=/500 روپے	=/4,000 روپے
نصف صفحہ	=/300 روپے	=/2,000 روپے

مذکورہ شرح ایک رنگ کے اشتہار کے لیے ہے
اجرت اشتہار مسودہ کے ہمراہ ارسال کریں۔

فی پرچہ 15 روپے

مقامِ اشاعت: B-25 گلبرگ لاہور
پرنٹر: ایم ایس عادل - پریس: زاہد بشیر پرنٹنگ پریس

انہ لکم عدو مبین

ہندو کیا ہے

جب ہم طاقت ور ہو جائیں گے تو مسلمانوں کے سامنے یہ شرائط رکھیں گے

- قرآن کو الہامی کتاب مت مانو۔
- محمدﷺ کو خدا کا نبی نہ مانو۔
- مکہ کے ساتھ اپنا کوئی تعلق نہ رکھو۔
- سعدی اور رومی کی بجائے کبیر اور تلسی داس کو پڑھو۔
- اسلامی تقریبات کی بجائے ہندوؤں کی تقریبات مناؤ۔

سوامی ستیہ دیو

- ہندوستان کی ہر مسجد پر ویدک دھرم یا آریہ سماج کا جھنڈا بلند کیا جائے گا۔ پروفیسر رام دیو

تفصیلی مطالعہ کے لئے خط لکھ کر کتابچہ مفت طلب فرمائیں۔
طلوع اسلام ٹرسٹ 25 بی گلبرگ 2- لاہور

سیمینار

بعنوان

اقبال اور قرآن

پاکستان سے اگر اقبالؒ کی فکر اور پیام کو نکال دیا جائے تو اس میں اور کسی سیکولر سٹیٹ میں کوئی فرق نہیں رہ جاتا۔ اقبالؒ کی فکر کا سرچشمہ قرآن حکیم ہے اس لئے اقبال کی فکر کو فراموش کر دینے کا مطلب یہ ہے قرآنی نظام حیات کا صحیح تصور نگاہوں سے اوجھل ہو جائے۔

اندریں حالات اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ فکر اقبال کو قرآن حکیم کی روشنی میں عام کیا جائے۔

اس مقصد کے لئے ادارہ طلوع اسلام یکم نومبر 1998ء بروز اتوار دانشوران قوم کو **ایوانِ اقبال** لاہور میں دعوت خطاب دے رہا ہے۔ تاریخ نوٹ فرما لیجئے۔

دعوت عام ہے۔ خود تشریف لائیں عزیز و اقارب اور دوستوں کو ہمراہ لائیں۔

بیرون ملک سے تشریف لانے والے حضرات ابھی سے سیٹیں محفوظ کروا لیں۔

چیئرمین ادارہ طلوع اسلام

فہرست

بیاد پرویزؒ

1- ہزار چشمے ترے سنگ راہ سے پھوٹیں	اسلم نوید	10

ایٹمی قوت

2- مین آف دی میچ	ڈاکٹر عبدالقدیر خان	17
3- ایٹم بم کافی نہیں	ادارہ	5
4- جذباتیت سے نکلیں	عنایت اللہ	14
5- قوت قرآن	حنیف وجدانی	16
6- ہندو بم	ڈاکٹر شبیر احمد	23
7- عصانہ ہو تو کلیمی ہے کار بے بنیاد	اسلم حیات ملک	45
Pak Nuclear Tests-8	عبدالستار غوری	64

تحقیق و تذکیر

9- اور جب بولی دیکر مسلمان فروخت کردیئے گئے	علامہ رحمت اللہ طارق	30
10- سچے موتی	ادارہ	38
Administration of -11 Islamic Laws	Dr. Mahathir Bin Mohammad	60

لمحہ فکریہ

12- صبح کے بھولے	آفتاب عروج	46

متفرق

13- عورت کیا ہے	اقصیٰ نواز	39
14- مرض کہن	محمد ارشاد	41
15- فرقہ پرستی	محمد حمید	43

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

ایٹم بم کافی نہیں اسلامی نظام کے نفاذ کی طرف بھی قدم بڑھائیے۔

مئی 1998ء کے اواخر میں پاکستانی پریس نے ملکی صورت حال کی جو تصویر کشی کی وہ الفاظ کے تھوڑے بہت تغیر کے ساتھ کچھ اس طرح سامنے آئی ہے۔

28 مئی کا دن پاکستان ہی نہیں، دنیائے اسلام کی تاریخ میں بھی ہمیشہ ایک یادگار دن رہے گا۔ جب پاکستان نے چاغی کے مقام پر یکے بعد دیگرے پانچ کامیاب ایٹمی دھماکے کر کے خود کو عالمی ایٹمی کلب کے معدودے چند ارکان میں شامل کر لیا۔ اس طرح بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے بعد علاقے میں طاقت کا جو توازن بگڑ گیا تھا پاکستان نے اسے اپنے حق میں تبدیل کر لیا ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے الفاظ میں پاکستان نے بھارتی ایٹمی دھماکوں کا حساب چکا دیا ہے بلکہ ایک مزید دھماکہ کر کے اس خطے میں بھارتی بالادستی کے خواب کو درہم برہم کر کے ہندو ذہنیت کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہے۔ پاکستان نے یہ فیصلہ کرنے میں کافی تاخیر سے کام لیا چونکہ وہ بھارتی اقدام کے خلاف بڑی طاقتوں اور عالمی برادری کا رد عمل بغور دیکھ رہا تھا مگر جب بڑی طاقتوں اور عالمی برادری نے بھارت کے دوسرے نامنصفانہ اقدامات کی طرح اس سنگین واقعے سے چشم پوشی کی اور اس "جرم" کی پاداش میں بھارت کو محض رسمی اور معمولی سرزنش ہی کا مستحق گردانا گیا تو پاکستان کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ اپنی آزادی، سلامتی اور قومی غیرت کا تحفظ کرنے کی خاطر اپنی ایٹمی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے دنیا پر اور خصوصاً" اپنے ازلی دشمن پر واضح کر دے کہ پاکستانی قوم کسی قیمت پر بھی اپنی آزادی کا سودا نہیں کرے گی خواہ اس کے لئے کتنی ہی بھاری قیمت کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔ اس میں انہیں ساری قوم کی تائید حاصل ہے۔ پاکستانی قوم، پاکستانی افواج، ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور دیگر پاکستانی سائنسدان مبارکباد اور تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے دشمن کا منہ توڑ جواب دیکر اپنے عزم و ارادے کا اظہار کر دیا ہے۔ پاکستان کو جوابی ایٹمی دھماکے سے روکنے کے لئے امریکہ، برطانیہ، جاپان اور دوسرے ترقی یافتہ ملکوں نے بہت لالچ دیئے اور خطرناک سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دیں مگر وزیراعظم کے پائے ثبات میں لغزش نہ آئی اور انہوں نے ان برائے نام وقتی سہولتوں کی خاطر قومی وقار اور مفادات کا سودا کرنے سے انکار کر دیا اور امریکہ، یورپ اور دیگر عالمی طاقتوں کی مخالفت، پابندیوں اور دھمکیوں کو نظر انداز کر کے دنیا کی ایٹمی طاقتوں میں پاکستان کا نام لکھوا لیا۔ اسلام دشمن طاقتیں پاکستان کے ایٹم بم کو "اسلامی بم" کا نام دیکر اس کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے اور دنیا کو اس کے مضمرات سے ڈرانے میں مصروف رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عالم اسلام کے سامنے سرخرو کر دیا ہے اور اس نے صحیح معنوں میں دنیائے اسلام کا "ناقابل تسخیر قلعہ" کہلانے کا اعزاز حاصل کر لیا ہے۔ اسلامی ملکوں نے ان تجربات پر جس دلی مسرت کا اظہار کیا ہے وہ ان کی آرزوؤں اور امنگوں کا آئینہ دار ہے۔ سعودی عرب اور دوسرے اسلامی ممالک کے علاوہ چین اور دوسرے دوست ممالک نے اعلان کیا ہے کہ وہ نامساعد

حالات میں پاکستان کو ہر ممکن امداد فراہم کریں گے۔

اپریل 1998ء کے اداریہ میں طلوع اسلام نے لکھا تھا کہ اب جب کہ بھارت ایٹمی دھماکے کر کے اپنی قوت کا مظاہرہ کر چکا ہے پاکستان میں بسنے والے مسلمانوں کے لئے قرین مصلحت ہی نہیں بلکہ حکم خداوندی ہے کہ "تم اپنے ہاں امکان بھر قوت فراہم کرو تاکہ اس سے تمہارے اور نظام خداوندی کے دشمنوں کے دل میں تمہاری دھاک بیٹھی رہے۔ ان دشمنوں کے علاوہ ان دشمنوں کے دلوں میں بھی جنہیں ابھی تم نہیں جانتے لیکن خدا کو ان کا علم ہے۔" (القرآن 60 : 8) ہمارے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ وزیراعظم نواز شریف کے مطابق' ایٹمی دھماکہ کرنے سے پہلے وہ بیرونی دباؤ اور متوقع خطرات کے پیش نظر زبردست ذہنی اضطراب میں مبتلا تھے۔ ایسے میں' بقول ان کے' انہوں نے یہ معاملہ قرآن کی بارگاہ میں پیش کیا تو ان کے ذہن پر قرآن مجید کی وہی آیت ابھری جس کا ذکر طلوع اسلام کر چکا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس حکم نے انہیں حوصلہ بخشا۔ انہوں نے بٹن کہا اور بلوچستان کے بلند و بالا پہاڑ تجرباتی دھماکوں سے لرز اٹھے۔ بھارت کے بتکدوں میں بھونچال آ گیا اسلامی دنیا کو یقین آ گیا۔ کہ احکام خداوندی کی بجا آوری کتنی اہم اور بروقت تھی۔

یہ درست ہے کہ کشمکش میں قوت کا مقابلہ قوت سے ہوتا ہے۔ جس کے پاس زیادہ قوت ہو گی وہ کامیاب ہو جائے گا۔ فتح اور شکست کا عام اصول یہی ہے۔ لیکن قرآن کہتا ہے کہ اس کے ساتھ ہی ایک اور عنصر بھی ہے جو شکست اور فتح کے معاملہ میں بڑا گہرا اثر رکھتا ہے۔ وہ عنصر یہ ہے کہ تم کس قسم کے اصول اور نظام کی خاطر لڑ رہے ہو؟ اگر تم اس صحیح نظام کی خاطر مصروف جدوجہد ہو جو تمام نوع انسانی کی بھلائی کی خاطر قائم کیا جا رہا ہے تو اس اصول کی قوت بھی تمہارے ساتھ ہو گی اور تمہاری اپنی قوت کی تھوڑی بہت کمی اس اصول کی قوت سے پوری ہو جائے گی۔

اندریں حالات ہماری نظر میں کامیاب ایٹمی دھماکے کر کے مطمئن ہو جانا کافی نہیں اقوام عالم میں آگے بڑھنے کے لئے ہمیں اپنی اصل منزل کی طرف بھی قدم بڑھانا ہو گا تاکہ جس مملکت کا خواب علامہ اقبالؒ کی چشم بینا نے دیکھا اور جس کا تصور قائداعظمؒ کی نگہ بلند نے دیا تھا وہ حقیقت بن کر سامنے آ جائے اور وہ منزل پاکستان کے لئے ایک خطہ زمین کا حصول تو نہ تھی کہ ایٹم بم بنا لینے سے وہ خطہ زمین محفوظ ہو گیا۔ وہ منزل اس خطہ زمین میں صحیح اسلامی مملکت کا قیام ہے جس پر کام ہونا ابھی باقی ہے۔

ہمارا یہ دعویٰ ہے (اور یہ دعویٰ ہمارے ایمان پر مبنی ہے) کہ اسلام اللہ کی طرف سے عطا کردہ' آخری اور مکمل دین (ضابطہ حیات) ہے جو نوع انسانی کی تمام مشکلات' یعنی زندگی کے تمام بنیادی مسائل' کا حل اپنے اندر رکھتا ہے۔ لیکن جب ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اسلام کیا ہے تو اس کے جواب میں مختلف گوشوں سے مختلف آوازیں آنی شروع ہو جاتی ہیں اور جب ان آوازوں کو یکجا کیا جائے تو ان کا ماحصل نماز' روزہ' زکوٰۃ وغیرہ کے مسائل سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا۔ اب ظاہر ہے کہ جس اسلام کا تصور صرف اس قدر ہو وہ (تمام نوع انسان کی مشکلات تو ایک طرف خود) مسلمانوں کی مشکلات کا حل بھی پیش نہیں کر سکتا۔ اسلام ایک نظام زندگی ہے' جس کی بنیادیں مستقل اقدار (Permanent Values) پر قائم ہیں۔ جب تک یہ بنیادی مستقل اقدار واضح' غیر مبہم اور متعین طور پر سامنے نہ آ جائیں' یہ سمجھ میں نہیں آ سکتا کہ وہ نظام زندگی ہے کیا جسے اسلام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جو زندگی کے اہم مسائل کا حل اپنے اندر رکھتا ہے۔

اپنی تقدیر سنوارنے کے لئے ہمیں اس حقیقت کو اپنے سامنے رکھنا ہو گا کہ قرآن کا منتہیٰ' وحدت قانون کی بنیاد پر'

تمام نوع انسانی کو ایک عالمگیر برادری بناتا ہے۔ اس کا ارشاد ہے کہ **کان الناس امۃ واحدۃ** (2:213)۔ "تمام نوع انسانی ایک قوم تھی" اور یہ بھی ایک مستقل قدر ہے۔ سو جو نظام تمام انسانوں کو ایک برادری کے قالب میں ڈھالنے کا پروگرام اپنے سامنے رکھتا ہو، وہ خود اپنے اندر فرقوں اور پارٹیوں کو کیسے برداشت کر سکتا ہے۔ اس کے نزدیک انسانوں کی تقسیم کا معیار ایک ہی ہے، یعنی کفر اور ایمان (2 : 64)۔ نوع انسان کو ایک مرکز پر جمع کرنے کے لئے وہ آغاز کار کے طور پر ایک امت تشکیل کرتا ہے جسے وہ امت مسلمہ کہہ کر پکارتا ہے۔ اس امت کی وحدت، توحید کی مظہر ہے۔ اس لئے تفرقہ (فرقہ بندی) اس کے نزدیک شرک اور کفر ہے (30 : 31-32)۔ رسول ﷺ اللہ سے کہا گیا ہے کہ ایسے لوگوں سے تیرا کوئی واسطہ نہیں جو دین میں فرقے پیدا کرتے ہیں (6:160)۔ باہمی اختلافات اس کے نزدیک اللہ کا عذاب ہے (3:104) اور اس سے محفوظ رہنا اللہ کی رحمت (11:118)۔ ہم ان آیات کو خوب جھوم جھوم کر پڑھتے ہیں لیکن غیر قرآنی روش نہیں چھوڑتے۔

آپ سوچئے کہ کہاں امت کا یہ مقصد کہ تمام اقوام عالم کے اختلافات مٹا کر، انہیں ایک عالمگیر برادری بنا دیا جائے اور کہاں اس امت کی اپنی یہ حالت کہ دو مسلمان خانہ خدا میں رو بہ قبلہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتے ! یہ ہے فرقہ پرستی کا نتیجہ اور اس کی واحد ذمہ دار ہے مذہبی پیشوائیت جو مروجہ مذہب (فرقوں والے اسلام) کو دین خداوندی بتا کر امت کو تھپکیاں دے دے کر سلائے رکھتی ہے۔ یہ ہمارے کانوں میں یہ سحر پھونک دیتی ہے کہ ہمارے فرقے، وہ فرقے نہیں جنہیں قرآن شرک قرار دیتا ہے، یہ "مکاتب فکر" ہیں۔ اس نے الفاظ کے ذرا سے پھیر سے اس شرک (فرقہ پرستی کے شرک) کی گرہیں اور مضبوط کر دیں لیکن الفاظ کے بدل جانے سے حقیقت تو نہیں بدل جاتی۔ سنکھیا تو سنکھیا ہی رہتا ہے خواہ اس کا نام کچھ ہی کیوں نہ رکھ دیا جائے۔

قوم میں ایک نئی روح پھونکنے کے لئے اور اس میں اجتماعی زندگی اور مسلم قومیت کا شعور پیدا کرنے کے لئے چند گزارشات، وزیراعظم کے غور و فکر کے لئے پیش خدمت ہیں:-

1- دستور میں قرآن حکیم کی مکمل اور غیر مشروط بالادستی کو قائم کرنے کے لئے مناسب ترامیم جتنی جلد ممکن ہو لائی جائیں۔

2- وطن یا نسل کو بنائے قومیت قرار دینے سے، قوم کی تشکیل کے لئے کسی قسم کی جدوجہد کی ضرورت نہیں ہوتی، ہر بچہ پیدائشی طور پر اس قوم کا فرد ہوتا ہے جس میں وہ پیدا ہو لیکن کسی نظریہ کی بنا پر قوم کی تشکیل کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ قوم کے بچوں کو اس نظریہ کی تعلیم دی جائے۔ ہم نے اس اہم مقصد سے نہ صرف اغماض برتا بلکہ دین کی تعلیم کو مذہبی پیشوائیت کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ آج ہم اپنی اس غفلت کا نتیجہ بھگت رہے ہیں۔ ہماری نئی نسلیں ہمارے نظریہ حیات ____ نظریہ پاکستان ____ سے ہی بیگانہ ہو رہی ہیں۔ اب اس نظریہ کے تحفظ کی اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ اس کو قوم کا نصب العین حیات قرار دیا جائے۔ اسے نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے نصاب میں داخل کیا جائے تاکہ پاکستان کا مستقبل مستحکم ہو سکے۔ چونکہ جس اسلامی مملکت کے قیام کے لئے وزیراعظم کوشاں ہیں اس کی عمارت کی بنیاد اسی نظریہ حیات پر اٹھتی ہے، اس لئے اس نظریہ کا تحفظ اور اس کی تعلیم وزیراعظم کی ذاتی ذمہ داری ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ مملکت کا شعبہ تعلیم و تربیت (بشمول دینی تعلیم) وزیراعظم کی ذاتی نگرانی میں ہو، تاکہ نظریہ حیات پر مبنی ایک ایسا نصاب تعلیم تیار کیا جائے، جو پوری قوم میں وحدت فکر و عمل پیدا کرنے میں ممد و معاون

ثابت ہو امت کی وحدت کی بنیاد یاد رہے ایک اللہ کے ایک ضابطہ حیات اور ایک نصاب / ضابطہ تعلیم کے مطابق زندگی بسر کرنے پر ہوتی ہے۔

3- ملت میں وحدت فکر، قرآن حکیم کو قرآن ہی سے سمجھنے سے پیدا ہوگی۔ روایات سے نہیں، جو ہر مذہبی فرقے کی الگ الگ ہیں۔ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ قرآن حکیم کے معانی و مفہوم کا ایک ایسا مستند نسخہ حکومت کی نگرانی اور ذمہ داری میں، تیار کیا جائے جو منجملہ اور باتوں کے، اسلام کے ان بنیادی اور غیر متبدل اقدار اور اصولوں کو اجاگر کرے جن پر اسلامی مملکت کی عمارت استوار ہوتی ہے اور جو زندگی کے اہم مسائل کا حل اپنے اندر رکھتے ہیں۔ حکومت کا تیار کردہ اور منظور کردہ یہ قرآنی نسخہ تمام چھوٹی بڑی تعلیمی درس گاہوں (بشمول دینی درس گاہوں) ریڈیو، ٹی وی، سرکاری دفاتر اور دیگر سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں صحیح قرآنی تعلیم پھیلانے کا واحد ذریعہ ہو گا۔ قرآنی تعلیم سے مراد وہ تعلیم نہیں جو ہمارے مدارس میں "دینی علوم" کی شکل میں دی جاتی ہے۔ طلباء کے لئے قرآن کی تعلیم ایسی ہونی چاہئے کہ متعلم، علیٰ وجہ البصیرت یہ محسوس کرنے لگ جائے کہ بلاشک و شبہ یہ کتاب عظیم نوع انسانی کے لئے واحد اور مکمل ضابطہ حیات ہے اور انسانیت کی مشکلات کا حل اس کے سوا اور کہیں نہیں مل سکتا۔

4- اسی طرح، قرآن حکیم کی روشنی میں، حضور نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ پر بھی ایک مستند کتاب، حکومت کی نگرانی میں تیار کی جائے، جو منجملہ اور باتوں کے، اس اسلامی نظام پر بھی روشنی ڈالے جو حضور ﷺ نے قائم فرمایا تھا اور جو حضور ﷺ کے بعد، خلفائے راشدینؓ کے زمانے میں آگے چلا۔ کیونکہ

"وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہو گی"

ان گزارشات کا واحد مقصد فرقہ پرستی کے رجحان کو ختم کر کے ملت میں وحدت فکر کے فروغ کی حوصلہ افزائی ہے۔ یہ مقصد راتوں رات حاصل نہیں ہو جائے گا۔ اس کو حاصل کرنے کے لئے میر کارواں کو نہایت احتیاط سے پلاننگ کرنا ہو گی کہ مقصد بھی حاصل ہو جائے اور "بھڑوں کا چھتہ" بھڑکے بھی نہیں۔ اس کے لئے قرآنی دعوت کا دیا جلانا ہو گا (3:102) اور اس کو دنیاوی اسباب و ذرائع کے تیل سے نہیں بلکہ اپنے خون جگر سے جلائے رکھنا ہو گا۔

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مرد مسلماں
اللہ کرے تجھ کو عطا جدت کردار!
(اقبال)

آخر میں ایک بار پھر سن لیجئے! ہمارے معاشرہ کا بگاڑ اللہ کی مقدس کتاب کے ساتھ مسلسل کھیل کھیلنے کی بنا پر ہے۔ اگر ہم نے یہ کھیل بند نہ کیا اور رسول ﷺ اللہ کی سنت کی پیروی نہ کی **ان اتبع الا مایوحی الی** (7:203، 10:15، 46:9) اور قرآن اور صرف قرآن کو اپنے آئین کی بنیاد نہ بنایا تو پھر فطرت کے فیصلے کا انتظار کیجئے۔ قرآن حکیم نے کہا ہے کہ جب کوئی قوم مہلت کے وقفہ سے فائدہ نہ اٹھائے اور اپنی ذہنیت نہ بدلے، اپنی روش نہ بدلے تو:-

(47/38) کے مطابق

"اگر تم اس نظام سے روگردانی کرو گے اور اپنے عہد سے پھر جاؤ گے تو وہ تمہاری جگہ کوئی دوسری قوم لے آئے گا جو تمہاری جیسی نہ ہو گی"

یہی وہ اصول خداوندی ہے جس سے ہمیں ڈرنا چاہئے کہ وہ ہمیں مہلت کے وقفے بار بار نہیں دے گا۔

انداز بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ ترے دل میں اتر جائے مری بات!

PAMPHLETS--پمفلٹ

ادارہ طلوع اسلام دینی موضوعات پر پمفلٹس شائع کرتا رہتا ہے۔ مندرجہ ذیل پمفلٹس دو روپے فی پمفلٹ کے حساب سے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر طلب فرمائیں۔

1- آرٹ اور اسلام
2- احادیث کا صحیح ترین مجموعہ
3- اسلام کیا ہے؟
4- الزکوٰۃ
5- اسلام آگے کیوں نہ چلا؟
6- اسلامی قوانین کے راستے میں کون حائل ہے؟
7- اسلام ہی کیوں سچا دین ہے؟
8- الصلوٰۃ
9- اندھے کی لکڑی
10- بنیادی حقوق انسانیت اور قرآن
11- جہاں مارکس ناکام رہ گیا
12- حرام کی کمائی
13- خدا کی مرضی
14- دعوت پرویز کیا ہے؟
15- دو قومی نظریہ
16- روٹی کا مسئلہ
17- سوچیو (سندھی)
18- سوچا کرو
19- عالمگیر افسانے
20- عورت قرآن کے آئینے میں
21- فرقے کیسے مٹ سکتے ہیں؟
22- قرآن کا سیاسی نظام
23- قرآن کا معاشی نظام
24- قوموں کے تمدن پر جنسیات کا اثر
25- کیا قائداعظم پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانا چاہتے تھے؟
26- کافری گری
27- مرض تشخیص اور علاج
28- مقام اقبالؒ
29- مرزائیت اور طلوع اسلام
30- مقام محمدی
31- ماؤزے تنگ اور قرآن
32- ہم میں کریکٹر کیوں نہیں؟
33- ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
34- Islamic Ideology
35- Is Islam a Failure
36- Why Islam is the Only True Deen?

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر اسلم نوید

ہزار چشمے تیرے سنگ راہ سے پھوٹیں

(بیاد علامہ غلام احمد پرویز" یوم پیدائش 9 جولائی 1903)

کائنات اگر قواعد و ضوابط کے تحت رواں دواں ہے تو کسی قوم کو رہنما بھی قواعد و ضوابط ہی کے تحت دیئے جاتے ہوں گے۔ قدر ناشناس قوم سے سلوک شکر گذار قوم سے یقیناً" الگ ہو گا جبکہ تذبذب کی شکار قوم کا نصیبا ان دونوں سے مختلف ہو گا۔

برصغیر کے مسلمانوں کو لیجئے۔ 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد ایک طرف وہ انگریز کی انتقامی کاروائیوں کی زد میں تھے تو دوسری طرف ہندو اس قوم کو' جسے قوم کی بجائے قوم کی باقیات کہنا مناسب ہو گا' تر نوالہ بنانے کی سازش کر رہا تھا۔ وہ ہندو کی وطن پرستی کے جال میں آیا ہی چاہتے تھے کہ عطا ربی سے سرسید احمد خاں اٹھے اور انہوں نے ہندو اور انگریز کی ملی بھگت کا پول کھول دیا۔ مسلمانوں پر انہوں نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ یہ غلط ہے کہ ہندوستان میں بسنے والے تمام لوگ ایک قوم کے افراد ہیں۔ یہ بات سرسید ہی کہہ سکتے تھے جنہوں نے انگریز گورنر سرولیم میور کی کتاب "Life of Muhammad" پڑھی تو لندن سے اپنے دوست کو لکھا کہ میں نے اس کتاب کا جواب لکھ دیا ہے مگر اس کی طباعت کے لئے میرے پاس رقم نہیں۔ خدارا! کہیں سے قرض لے لو یا میرا گھر بیچ دو تاکہ میں اپنے ناناﷺ کے حضور سرخرو ہو سکوں۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ قوم کا یہ مرد مجاہد قوم کی کشتی کا رخ ساحل مراد کی طرف موڑ رہا تھا اور قوم اس پر فتوؤں کی آگ برسا رہی تھی۔ مگر۔

تم نے جس دن کے لئے اپنا جگر چاک کیا
سو برس بعد ہی سہی دن تو وہ آیا آخر

فتوؤں کی یلغار میں قدرت اس قوم کو ایک چانس اور فراہم کرتی ہے۔ اقبال" منظر عام پر ابھرتے ہیں۔ وہ قوم کی زبوں حالی پر آنسو بہاتے ہیں۔ قوم کو جھنجوڑ کر جگاتے ہیں۔ اور اسے پیغام دیتے ہیں۔

گر تو مے خواہی مسلماں زیستن
نیست ممکن جز/ بقرآں زیستن

قوم انہیں بھی کافر قرار دیتی ہے۔ مگر حکیم الامت کے دیدہ تر کی بے خوابیاں رنگ لاتی ہیں۔ قوم انگڑائی لیتی ہے۔ علامہ اسلم جیراجپوری' علامہ عنایت اللہ المشرقی جیسے دانشور افق پر نمودار ہوتے ہیں۔ غلام احمد پرویز کی فکر پختہ اور جوان ہونے لگتی ہے۔ محمد علی جناح جیسے نڈر اور بے باک لیڈر آگے بڑھتے ہیں۔

کانگرس کی دوغلی سیاست سے متنفر مسٹر محمد علی جناح' اقبال اور پرویز کی مشاورت سے حسن کردار کا نقش تابندہ بن کر اس حسن و خوبی سے چمکتے ہیں کہ مخالف ہندو لیڈر سروجنی نائیڈو (بلبل ہند) کو یہ اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ہمارے تمام لیڈروں کی جگہ ہمارے پاس صرف محمد علی جناح جیسا نصف لیڈر بھی ہوتا تو ہم کبھی ہندوستان تقسیم نہ ہونے دیتے مگر قدر ناشناس قوم نے اپنے اس محسن کو بھی کافر اعظم کا خطاب دے ڈالا۔ مقام شکر ہے کہ قوم جلد ہی ان

داعیان اسلام کی ہندو دوستی کو تیاگ کہ قائداعظم کے پرچم تلے جمع ہونے لگی۔ نتیجہ یہ کہ کشتی ساحل مراد تک آ گئی۔ شاد باد منزل مراد کے ترانے گونجنے لگے۔ کشتی کا کھیون ہار زیادہ دیر زندہ نہ رہ سکا۔

قوم پر پھر سے جمود طاری ہونے لگا۔ چلتے قدم رک گئے۔ موقع غنیمت جانتے ہوئے پیروان مذہب بھی کار زار سیاست میں کود پڑے۔ ایسے میں علامہ غلام احمد پرویزؒ سامنے آتے ہیں۔ انہوں نے قوم کے مرض کا علاج تبدیلی قلب تجویز کیا اور پھر دین خالص کو عوام کے سامنے لانے کے لئے تن، من، دھن کی بازی لگا دی۔ مذہب کے بندھن ڈھیلے پڑنے لگے۔ خداوندان مذہب کو گوارا نہ ہوا کہ مسلمان اپنے مقام سے آگاہ ہو کر ان کے چنگل سے نکل جائیں۔ پرویز پکارتا رہا کہ اگر زندہ قوم بننا چاہتے ہو تو انسانوں کے بنائے ہوئے مذہب کی بجائے خالص اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ قوانین کی پیروی کرو۔ سورۃ عنکبوت کی آیت 51 میں اللہ کا یہ چیلنج موجود ہے کہ کیا تمہارے لئے اللہ کی یہ کتاب کافی نہیں جو ہم نے نازل کی ہے۔ ادھر وہ یہ کہہ رہا تھا ادھر مذہب کے سرخیل اسے کافر قرار دے رہے تھے۔ قدرت ایک بار پھر مسکرا رہی تھی کہ یہ بطل جلیل کفر کے فتوؤں کے علی الرغم پورے تزک و احتشام اور جذب و انہماک سے اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ 1985ء میں قرآن کا یہ شیدائی بھی راہی ملک عدم ہوا۔

تحریک طلوع اسلام جس کی بنیاد علامہ غلام احمد پرویزؒ نے 1938ء میں رکھی تھی علامہ موصوف کے مشن کو اسی تیزی اور تندہی سے آگے بڑھا رہی ہے۔ درس قرآن کی محافل ہوں یا علامہ پرویز کی تصانیف کا مطالعہ بزم ہائے طلوع اسلام کے تبلیغی جلسے ہوں یا تحریک کی سالانہ کونشن، شمع قرآنی روشن ہوتی ہے تو پروانے دیوانہ وار لپکتے ہیں۔ یہ سلسلہ برس ہا برس سے جاری ہے اور قرن ہا قرن تک جاری رہے گا۔ قرآنی تعلیم کو عام کرنے اور قرآن کو پاکستان میں عملاً" نافذ کرنے کے لئے ہماری جدوجہد اگر اسی طرح جاری رہی تو وہ دن دور نہیں جب ؎

یہ چمن معمور ہو گا نغمہ توحید سے
اور ظلمت رات کی سیماب پا ہو جائیگی

پرویزؒ نے کہا تھا۔

یہ سوچ کر خون جگر سے جلا رہا ہوں چراغ
کوئی تو ہو گا جو میرے پیچھے بھی آ رہا ہو گا

پرویز صاحب کو خراج تحسین پیش کرنے کی یہی ایک صورت ہے کہ وہ پلٹ کر دیکھیں تو اس راہ پر ہمیں موجود پائیں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

مثالی کردار

ماہنامہ طلوع اسلام کے دیرینہ قاری محترم غلام عباس کے لخت جگر پچھلے دنوں نامعلوم دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل ہو گئے تھے۔ خبر ملی ہے ایس ایس پی جھنگ جناب زبیر محمود، ڈی ایس پی فیصل آباد چوہدری منصور احمد اور ایس ایچ او تھانہ موچیوالہ اکبر علی ڈوگر کی کوششوں سے ملزم گرفتار ہو گئے ہیں اور اس قتل میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ فرض شناسی کی یہ زندہ مثال قابل ستائش ہی نہیں دوسرے پولیس افسران کے لئے مشعل راہ بھی ہے۔ ادارہ متعلقہ پولیس افسران کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہے۔ مدیر

مطبوعات طلوع اسلام ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

جولائی 1998ء

نام کتاب	سٹوڈنٹ	اعلیٰ
مفہوم القرآن (مکمل سیٹ		570/=
(کھلے پارے۔ فی پارہ)		19/=
مفہوم القرآن (مکمل سیٹ مجلد		570/=
(تین جلدوں میں۔ فی جلد)		190/=
لغات القرآن (مکمل سیٹ مجلد		720/=
چار جلدوں میں (فی جلد		180/=
تبویب القرآن (مجلد)		630/=
مطالب الفرقان (مکمل سیٹ۔ سورہ فاتحہ تا سورہ الحجر)	700/=	1400/=
مطالب الفرقان (جلد اول)	100/=	200/=
مطالب الفرقان (جلد دوم)	100/=	200/=
مطالب الفرقان (جلد سوم)	100/=	200/=
مطالب الفرقان (جلد چہارم)	110/=	220/=
مطالب الفرقان (جلد پنجم)	100/=	200/=
مطالب الفرقان (جلد ششم)	100/=	200/=
مطالب الفرقان (جلد ہفتم)	90/=	180/=
من ویزداں	120/=	240/=
ابلیس و آدم	120/=	240/=
جوئے نور	100/=	200/=
برق طور	100/=	200/=
شعلہ مستور	100/=	200/=
معراج انسانیت	180/=	360/=
مذاہب عالم کی آسمانی کتابیں	60/=	120/=
انسان نے کیا سوچا؟	120/=	240/=
اسلام کیا ہے؟	100/=	200/=
کتاب التقدیر	120/=	240/=
جہان فردا	100/=	200/=
شاہکار رسالت	180/=	360/=
نظام ربوبیت	120/=	240/=
تصوف کی حقیقت	120/=	240/=
قرآنی قوانین	60/=	120/=

سلیم کے نام خطوط (جلد اول)	70/=	150/=
سلیم کے نام خطوط (جلد دوم)	70/=	140/=
سلیم کے نام خطوط (جلد سوم)	90/=	170/=
طاہرہ کے نام خطوط	60/=	120/=
ختم نبوت اور تحریک "احمدیت"	80/=	160/=
حسن کردار کا نقش تابندہ (سیرت قائداعظمؒ)	--	50/=
اقبال اور قرآن (جلد اول دوم)	175/=	350/=
مجلس اقبال۔ شرح مثنوی اسرار و رموز	150/=	300/=
مجلس اقبال۔ شرح مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق		75/=
قائداعظمؒ کے تصور کا پاکستان	100/=	200/=
بہار نو (مجموعہ مقالات و خطبات)	110/=	220/=
Islam: A Challenge to Religion	120/=	240/=
Expostion of the Holy Quran. Vol.1 (Upto Sura Al-Kahaf)	--	440/=
Islamic Way of Living	30/=	40/=
اسلامی معاشرت	30/=	75/=
اسباب زوال امت	20/=	60/=
جہاد	--	50/=
خدا اور سرمایہ دار	90/=	180/=
سلسبیل (مجموعہ مقالات و خطبات)	100/=	200/=
فردوس گم گشتہ (مجموعہ مقالات و خطبات)	100/=	200/=

متفرق کتب

مقام حدیث	60/=	120/=
قرآنی فیصلے (جلد اول)	175/=	350/=
قرآنی فیصلے (جلد دوم)	175/=	350/=
قتل مرتد، غلام اور لونڈیاں اور یتیم پوتے کی وراثت	--	50/=
مزاج شناس رسول	90/=	180/=
ابلہ مسجد	120/=	--
تحریک پاکستان اور پرویز	150/=	300/=
نوادرات	120/=	--
The Pakistan Idea	--	100/=
Woman Recreated	--	100/=

●●●●●

نوٹ:- طلوع اسلام ٹرسٹ کی مطبوعات سے حاصل شدہ جملہ آمدن قرآنی فکر عام کرنے پر صرف ہوتی ہے۔

(ان قیمتوں میں ڈاک اور پیکنگ کا خرچہ شامل نہیں۔ یہ قیمتیں کسی وقت بھی تبدیل کی جا سکتی ہیں۔)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عنایت اللہ

جذباتیت سے نکلیں، حقیقت میں آئیں

پاکستان نے ایک اور تجرباتی دھماکہ کر کے اپنی "سیریز آف ٹسٹ" (Series of Tests) مکمل کر لی ہے۔

ہم پاکستانی، دھماکہ پسند اور دھماکہ خیز قوم ہیں۔ کوئی من پسند واقعہ ہو جاتا ہے، کوئی فسادی مولوی اشتعال انگیز جوش خطابت سے ہمارے مذہبی جذبات کو بھڑکاتا ہے یا کوئی نیا حکمران آ کر بڑے ہی پرکشش انداز سے ہمیں سبز باغ دکھاتا ہے تو ہماری جذباتی حالت بارود کے اس ڈھیر جیسی ہو جاتی ہے جس میں چنگاری پھینک دی جائے۔ ہم گھروں سے نکل آتے ہیں، دھماکہ خیز نعرے لگاتے ہیں۔ موقع خوشی کا ہو تو مٹھائیاں تقسیم کرتے ہیں، ڈھول بجاتے اور بھنگڑے ڈالتے ہیں، چھتوں پر جا کر کلاشنکوف اور ریوالور سے فائر کرتے ہیں اور ہماری حالت نیم پاگلوں جیسی ہو جاتی ہے۔

اور اگر بات "اسلام خطرے میں ہے" والی ہوتی ہے تو ہم اس کتے کے پیچھے دوڑ پڑتے ہیں جس کی طرف اشارہ کر کے ہمیں بتایا جاتا ہے کہ وہ کتا تمہارا کان لے گیا ہے۔ ہم کتے کا خون بہانے کے بعد اپنے کان کو ہاتھ لگا کر دیکھتے ہیں کہ کتا واقعی ہمارا کان لے گیا تھا یا کسی نے ویسے ہی اڑا دی تھی۔

ہم نئے حکمران کا استقبال دھماکوں جیسے نعروں سے کرتے ہیں اور اسے قیامت خیز نعروں سے چلتا کرتے ہیں۔ ہماری عقیدت کو احتجاج میں بدلتے کوئی زیادہ دیر نہیں لگتی۔

ہم اپنے ان جذباتی مظاہروں کی بے شمار مثالیں پیش کر سکتے ہیں جو یہاں ممکن نہیں۔ یہاں ہم کہنا یہ چاہتے ہیں کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے متعدد آیات میں فرمایا ہے۔ "تم سوچ و فکر کیوں نہیں کرتے، عقل سے کام کیوں نہیں لیتے!" اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی اچھی بری بات سنو تو اپنے فوری ردعمل کے اندھا دھند اظہار سے پہلے اس بات پر اپنی عقل سے غور کرو۔

جب ہماری حکومت نے ایٹمی دھماکے کئے ہیں تو ہمارا، آپ کا، پوری قوم کا خوشی سے دیوانہ ہو جانا ایک قدرتی اور بجا ردعمل ہے۔ میاں نواز شریف نے ہمارے خوابوں کی تعبیر پیش کر دی ہے۔ ہمارے دین اور ملک کے دشمن کے سامنے ہمارے سر اونچے کر دیئے ہیں۔ ہم عدم تحفظ کے احساس سے آزاد ہو گئے ہیں۔ قوم کے بچوں سے بوڑھوں تک نے، شہروں اور دور دراز کے دیہاتوں میں جس بے ساختی اور وارفتگی سے خوشیاں منائی ہیں، اس سے اس روح افزا حقیقت کا اظہار ہوتا ہے کہ لوگ قومی جذبے سے سرشار ہیں اور مہنگائی کا عفریت، تنگ دستی اور بے مائیگی قوم کے جذبوں کا کچھ نہیں بگاڑ سکی۔

کہنے کی بات یہ ہے کہ لوگوں کا جشن منانے کا انداز وہی ہے جو ہم آدھی صدی سے دیکھتے آ رہے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے دھماکوں نے بھارت کو اتنا دہشت زدہ کر دیا ہے کہ اس نے گھٹنے ٹیک دیئے ہیں۔ ہمارے لیڈر بھی اسی قسم کے بڑھک نما بیان دیتے چلے جا رہے ہیں۔

یہ انداز صحیح نہیں۔ بھارت کے معاملے میں اپنے آپ کو کسی خوش فہمی میں مبتلا نہ کریں۔ یہ نہ سمجھیں کہ دھماکوں

پر بات ختم ہو گئی ہے۔ اصل بات تو اب شروع ہوئی ہے۔ ایٹم بم تو ایک (Deterrent) ہوتا ہے یعنی دشمن اس کے ڈر سے محتاط ہو جاتا ہے لیکن ایٹم بم جنگ کو روک نہیں سکتا۔ جنگ دوسرے اسلحہ ایمونیشن سے لڑی جاتی ہے۔ بھارت کے مقابلے میں ہمارے پاس اسلحہ' طیاروں' ٹینکوں' بحری جنگی جہازوں اور آبدوزوں کی شدید کمی ہے۔ اب ہمیں یہ کمی بہت جلد پوری کرنی ہے۔

یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ بھارت ہمارے ساتھ زمین دوز جنگ لڑ رہا ہے۔ یہ ہے اس کی خفیہ تنظیم "را" جس کے ایجنٹ' تخریب کار اور جاسوس پاکستان میں موجود ہی نہیں بلکہ ہمہ وقت سرگرم رہتے ہیں۔ ان میں بیشتر ایجنٹ پاکستانی ہیں۔ یہ ہم سب کو سوچنا چاہئے کہ ہمارے ہاں ایمان فروش اور غدار کیوں پیدا ہوتے ہیں؟ پھر یہ کہ ہم ان ایجنٹوں کا سراغ کس طرح لگا سکتے ہیں' اور یہ بھی ہمارے سوچنے والا مسئلہ ہے کہ ہمارے ہاں وہ کیا معاشرتی حالات ہیں اور ہمارے دشمن کے پاس وہ کون سی کشش ہے جو پاکستانیوں کو دشمن کی جھولی میں ڈال دیتی ہے۔

مختصر یہ کہ ہم سب کو جذباتیت سے نکل کر حقیقت میں آنا ہے اور دشمن کو زمین دوز جنگ میں شکست دینی ہے۔

(بشکریہ حکایت)

●●●

۲۵ سالہ تجربہ کار

پیپلز کلیرنگ ایجنسی

کسٹم ھاؤس سے منظور شدہ
کلیرنگ اینڈ فارورڈنگ ایجنٹ

کلیرنگ اور فارورڈنگ کے معاملات میں ایک قدم آگے
ہمارے ۲۵ سالہ تجربہ سے دوسروں کے مقابلے میں زیادہ فائدہ۔
ہم آپکی خدمت کیلئے ہمہ وقت تیار ھیں۔

۵۔ وقار سینٹر، فرسٹ فلور رام بھارتی اسٹریٹ، جوڑیا بازار۔ کراچی
فون: ۲۴۲۶۱۲۸ ۲۴۲۷۵۳۷-۲۴۲۱۰۲۵
فیکس نمبر: ۲۴۱۹۷۸۲
ٹیلیکس: ۲۱۰۴۳ BTC PK

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم المقام جناب محمد نواز شریف صاحب وزیر اعظم پاکستان

عنوان :- قوت ذرہ (Atom) اور قوت قرآن

السلام و علیکم !

نوع انسانی کو اس کرہ ارضی پر امن و امان سے رہنا چاہئے۔ مومن اور ایمان کا مادہ "امن" ہے۔ بد قسمتی سے ہمارا ہمسایہ بھارت ذرے (Atom) کی قوت سے آشنا ہو گیا اور اس نے قوت کا مظاہرہ کرکے اپنے ہمسایہ ملک پاکستان کو ڈرانا دھمکانا شروع کر دیا۔

سائنس دان اس بات پر متفق ہیں کہ یہ کائنات 92 عناصر سے بنی ہے۔ ذرہ (Atom) ان عناصر میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ سر جے جے تھامسن نے 1997ء میں برقیہ (Electron) دریافت کیا۔ آئن سٹائن کے نظریہ اضافت نے ذرے کو مزید روشناس کرایا۔ 29 جولائی 1957ء کو امریکہ کے صدر آئزن ہاور نے "ایٹم برائے امن" کا نعرہ دیا۔ 19 مارچ 1965ء کو روس نے پاکستان کو ایٹمی بجلی گھر کی پیش کش کی۔ 22 دسمبر 1965ء کو اہل پاکستان نے یہ مژدہ سنا کہ پاکستان کے سائنس دان ایٹم پھاڑنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

پاکستان ایٹم برائے امن کی راہ پر گامزن تھا کہ 1974ء میں بھارت نے زیر زمین دھماکہ کر دیا جس سے پاکستان کو ایک گونہ تشویش لاحق ہوئی مگر اس نے قوت کا مظاہرہ کرنے سے اجتناب برتا۔ 1998ء میں بھارت نے یک لخت پانچ مزید دھماکے کر دیئے تو خطے میں قوت کا توازن قائم کرنے کے لئے پاکستان کو بھی ایٹمی دھماکوں کا جواب ایٹمی دھماکوں سے دینا پڑا۔ نتیجہ صاف ظاہر ہے۔

جناب والا ! ایک ایٹم (Atom) کی قوت کا منظر آپ نے دیکھ لیا۔ میں آپ کی توجہ ایک دوسرے ایٹم (Atom) کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو اس سے کہیں زیادہ طاقت ور اور انقلاب آور ہے۔ یہ ایٹم (Atom) ہے اللہ کی کتاب عظیم قرآن مجید جو کہنے کو تو ایک کتاب ہے لیکن (Atom) کی تخریبی قوت سے کہیں زیادہ تعمیری قوت اپنے اندر رکھتا ہے۔ ایک ریسرچ لیبارٹری قوت کے اس بحر بیکراں سے استفادہ کے لئے بھی قائم کر دیجئے تاکہ حکمت اور قوت قدم بقدم آگے بڑھیں۔ مذہبی وزارت اور موجودہ دینی ادارے اس کے لئے کافی نہیں۔ اس کے لئے پارلیمنٹ میں مستقل بنیادوں پر ایک سٹینڈنگ کمیٹی قائم کیجئے جو پیش پا مشکلات کا حل قرآن پاک سے تلاش کرتی رہے۔

اللہ آپ کا حامی و ناصر

والسلام

ملک محمد حنیف وجدانی صدر باغبان ایسوی ایشن
معرفت پی او موہڑہ سیداں مری پوسٹ کوڈ نمبر 47224

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر عبدالقدیر خان

(بزبان خود)

س :- محترم ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب ! یورپ میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ کب پاکستان تشریف لائے اور یہاں آنے کا خیال آپ کو کب اور کیوں آیا؟

ج :- دیکھئے میں ایک مسلمان اور پاکستانی ہوں اور قدرتی طور پر یہ خواہش رکھتا تھا اور رکھتا ہوں کہ میرا وطن اقوام عالم میں ایک بلند و باوقار مقام حاصل کرے۔ میں 1961ء میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے جرمنی گیا۔ اس سے قبل BSc کر کے کراچی میں ویٹ انسپکٹر کے طور پر سرکاری ملازمت کرتا رہا۔ مگر یوں زندگی گزارنا میرے لئے پسندیدہ بات نہیں تھی۔ میں خود بھی کچھ بنتا اور اپنے وطن کے لئے کچھ کرنے کا آرزومند تھا سو میں نے جرمنی جانے کا فیصلہ کیا جو ایک اچھا ملک ہے۔ برطانیہ جانا نہیں چاہتا تھا کیونکہ امتیازات بہت ہیں۔ وہ ایک متعصب معاشرہ ہے حالانکہ میرے بہت سے ساتھی برطانیہ میں تھے اور مجھے دعوت بھی دیتے رہتے تھے۔

میں جرمنی گیا تو ابتداء میں بہت مشکلات پیش آئیں۔ زبان کا مسئلہ تھا' نئی جگہ تھی' کوئی واقفیت بھی نہ تھی لیکن میں لگن سے اپنے کام میں لگا رہا۔ ابتداء میں ایک فیکٹری میں کام کیا۔ جرمنی میں یہ لازمی ہے کہ پہلے چھ ماہ کسی فیکٹری میں کام کیا جائے پھر فنی تعلیمی اداروں میں داخلہ ملتا ہے۔ چھ ماہ کی یہ مشقت پوری کرنے کے بعد میں برلن چلا گیا۔ وہاں دو برس تعلیم حاصل کی۔ اسی دوران میری منگنی ہوئی۔ میری منگیتر کا تعلق ہالینڈ سے تھا۔ پھر میں اپنی منگیتر کے ساتھ و ممن چلا گیا جہاں ورڈز یونیورسٹی ہے۔ یہ پانچ سو برس قدیم تعلیمی ادارہ ہے اور دنیا بھر میں ایک مقام رکھتا ہے۔ یہاں میں نے داخلہ لے لیا اور ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی امتیازی نمبروں کے ساتھ۔ ایک اچھا طالب علم ہونے کے ناطے میرے استاد نے مجھے اپنا اسسٹنٹ بنا لیا اور ایک برس میں نے ان کے ساتھ کام کیا۔

اس عرصے میں مجھے امریکہ' برطانیہ اور بعض دوسرے ملکوں سے دعوتیں مل رہی تھیں لیکن میں نے بلجیم کا انتخاب کیا۔ میری بیگم کے والد میرے اس فیصلے پر معترض تھے۔ انہیں بدقت اس بات پر قائل کیا کہ میرے بلجیم جانے پر معترض نہ ہوں۔ یوں میں بلجیم پہنچا جہاں میں نے پی ایچ ڈی کی۔ میں نے فنی نوعیت کے مضامین لکھے اور اپنے حلقے میں معروف ہو گیا۔ اس دوران ہالینڈ کی ایک فرم کو یورینیم پلانٹ چلانے کے لئے ایک اچھے انجینئر کی ضرورت تھی۔ مجھے پیشکش کی گئی تو میں نے اسے قبول کر لیا اور ہالینڈ میں چار برس کام کرتا رہا۔

ابھی میں بلجیم میں ہی تھا کہ سانحہ مشرقی پاکستان پیش آیا۔ میں اپنے والد کی وفات پر بھی نہیں رویا تھا مگر پاکستان

کے ساتھ جو کچھ ہوا اس نے مجھے بے کل کر دیا۔ میں کئی دنوں تک روتا رہا مگر کروڑوں پاکستانیوں کی طرح اس بے بسی میں بھی میں اپنے وطن کے بارے میں سوچتا رہا۔ جب 18 مئی 1974ء کو ہندوستان نے ایٹمی دھماکہ کیا تو میرا اضطراب بڑھ گیا۔ میں سوچتا رہا کہ اگر چند سال کے اندر پاکستان نے کچھ نہ کیا تو میرے وطن کے لئے اپنی سلامتی' دفاع اور خود مختاری کو بچانا ممکن نہیں رہے گا۔ میرے پاس علم تھا صلاحیت تھی مگر میں کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ آخر کار میں نے 17 ستمبر 1974ء کو مرحوم ذوالفقار علی بھٹو کو خط لکھا جو اس وقت پاکستان کے وزیر اعظم تھے۔ میں یہاں کام کر رہا ہوں مجھے تجربہ ہے۔ مجھے موقع ملے تو میں خواہش رکھتا ہوں کہ اپنے ملک کی خدمت کروں اور امید رکھتا ہوں کہ پاکستان کو ایٹمی قوت بنا سکتا ہوں۔ مرحوم ذوالفقار علی بھٹو نے دسمبر 1974ء میں مجھے پاکستان آنے کی دعوت دی۔ جب میں پاکستان آیا تو بھٹو مرحوم نے مجھے منیر احمد خان سے ملایا۔ میں نے بھٹو مرحوم کو مشورہ دیا کہ پاکستان میں بنیادی ضرورت کی کچھ فیکٹریاں لگائی جائیں تاکہ جب ہم اصل کام شروع کریں تو کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو۔

پھر میں دسمبر 1975ء میں پاکستان آیا تو بھٹو مرحوم نے کہا کہ آپ دیکھ لیں کہ آپ کے مشورے کے مطابق کام ہوا ہے یا نہیں۔ یہاں معمولی اہلیت کے انجینئر کام کر رہے تھے۔ یہ بات میں نے بھٹو صاحب کو بتائی تو انہوں نے میرا پروگرام دریافت کیا۔ میں نے بتا دیا کہ میں جا رہا ہوں لیکن بھٹو صاحب نے اصرار کیا کہ میں نہ جاؤں سو میں نے پاکستان میں قیام کا فیصلہ کر لیا۔ میرے اس فیصلے کے بعد بھٹو مرحوم نے غلام اسحاق خان اور آغا شاہی پر مشتمل ایک بورڈ بنایا اور میری نگرانی میں پاکستان کا ایٹمی پروگرام شروع ہوا۔ میں نے جولائی 1976ء میں کام کا آغاز کیا۔ تقریباً" دو سال کے بعد 14 اپریل 1978ء کو پہلی مرتبہ یورینیم کی افزودگی کا کامیاب تجربہ ہم نے کیا۔ اس موقعہ پر میں نے غلام اسحاق خان کو خط لکھا جنہوں نے جنرل محمد ضیاء الحق کو مطلع کیا۔ جنرل ضیاء الحق بہت خوش ہوئے۔ کہوٹہ آئے اور ہمیں شاباش دی۔

1981ء میں کہوٹہ میں باقاعدہ پلانٹ شروع ہوا اور 1982ء میں ہم نے باقاعدہ یورینیم کی افزودگی کا کام شروع کر دیا۔ جنرل ضیاء الحق نے مجھے بلایا۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ جنرل نقوی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تینوں کے سوا کسی کو یہ بات معلوم نہیں ہونی چاہئے۔ کوئی استفسار کرے تو کہا جا سکتا ہے کہ کامیابی نہیں ہو رہی۔ ہم قدم بقدم آگے بڑھ رہے تھے۔ 1983ء اور 1984ء میں ہم نے نیوٹران کے دو کامیاب تجربے کئے اور ایٹمی ہتھیاروں کے ڈیزائن تیار کئے اور سال بھر کے اندر ہی ہم نے 25 سے 30 ہتھیاروں کے اجزاء تیار کر لئے۔ جن کی ڈرائنگ سیل کر دی گئی۔ یہ سب دستاویزات جی ایچ کیو کے حوالے کر دی گئیں۔ جب ہم نے یہ تمام مراحل مکمل کر لئے تو جنرل ضیاء الحق نے جنرل کے ایم عارف کو بھی اعتماد میں لے لیا جن کی وساطت سے یہ دستاویزات منیر احمد تک پہنچیں تاکہ وہ ڈپلیکیشن کریں۔ اب منیر احمد نے بھی کہنا شروع کیا کہ ہم نے بھی بہت کچھ بنا لیا ہے مگر دنیا جانتی ہے بھٹو مرحوم اور جنرل ضیاء الحق اب دنیا میں موجود نہیں ہیں لیکن بہت سے عینی شاہد جانتے ہیں کہ پاکستان میں یہ کام کس نے کیا ہے۔ جہاں تک آج کی بات ہے۔ آج یہ کام کوئی بھی کر سکتا ہے۔ اب سارا "نظری مواد" موجود ہے۔ بہت کچھ انٹرنیٹ پر موجود ہے۔ امریکہ کے بچے بھی ڈیزائن بنا سکتے ہیں۔ اصلی بات یورینیم کی افزودگی ہے (جو 99 فیصد سے زائد ہونا ضروری ہے۔ وہ کہاں سے آئے گی؟ اسے کنڈکٹ کرنا صاف کرنا توڑنا یہ کون کرے گا۔

س :- کیا یہ بات درست ہے کہ امریکیوں نے مختلف چھوٹے ملکوں کو اٹامک انرجی کمیشن بنانے میں مدد دی تھی تاکہ چھوٹے ممالک کھلونوں سے بہلے رہیں؟

ج :- جی ہاں کسی حد تک یہ بات درست ہے۔ آزادی حاصل کرنے والی نو آبادیات کے لئے یہ نظریہ امریکی صدر جنرل آئزن ہاور نے دیا تھا کہ لوگوں کو تھوڑی بہت آگاہی اور پرامن مقاصد کے لئے کچھ نہ کچھ ہوتا رہے جو بہتر فصلوں اور علاج معالجے کی سہولت کے لئے استعمال ہو۔

س :- ابتدائی ایام میں کچھ لوگوں نے آپ کے اس پروگرام اور آپ کی خدمت کو نشانہ بنانے کی کوشش کی؟

ج :- سب کچھ آپ کے سامنے ہے آپ جانتے ہیں کیا ہوتا رہا ہے کس نے کیا کیا ہے۔ اب سفینہ کنارے آ لگا۔ کسی کا کیا گلہ کیجئے۔ ہمارے بم کو اسلامی بم کا نام دیا گیا۔ بموں کا مذہب ایجاد کیا گیا۔ کسی نے عیسائی بم' یہودی بم' اور ہندو بم' نہیں کہا۔ سب استعمال کر رہے ہیں۔ چلئے اب تو پاکستان عالم اسلام کی حفاظت کے لئے تیار ہو گیا کوئی کچھ بھی کہتا رہے۔

س :- اتنی پابندیوں اور سختیوں میں آپ مطلوبہ ساز و سامان کیسے اور کہاں سے حاصل کرتے رہے؟

ج :- میں طویل عرصہ یورپ میں رہا تھا' بہت سی کمپنیوں سے' افراد سے' اداروں سے میرے تعلقات تھے' جب جس چیز کی ضرورت ہوتی ہمیں مل جاتی تھی۔ رکاوٹیں ضرور تھیں مگر اللہ کے فضل سے ہم نے ان پر قابو پا لیا۔ ساری باتیں عام کرنے کا وقت نہیں آیا البتہ میں یہ ضرور کہوں گا کہ غلام اسحاق خان نے اس معاملے میں مکمل تعاون کیا۔

س :- یہ جو ہمارے یہاں اس دہائی پر ایٹمی پروگرام رول بیک اور کیپ کرنے کی باتیں ہوتی رہیں ان میں کتنی صداقت ہے؟

ج :- میں نہیں سمجھتا ایسی کوئی بات ہے۔ رول بیک کی بات کبھی بھی نہیں ہوئی۔ خود ہی کچھ غیر ملکی قوتیں رول بیک اور کیپ کرنے کی باتیں کرتی رہیں۔ کوئی حکومت اس معاملے میں رکاوٹ نہیں بنی۔ سیاسی معاملات سے میرا کوئی تعلق نہیں۔ میں تو اپنے محاذ پر ڈٹا رہا۔ میرے راستے میں کوئی رکاوٹ کہیں نہیں آئی بعض لوگ یہ بات کہتے ہیں کہ امریکہ کو سب کچھ معلوم ہے میں نے آپ کو بتایا تھا یہ دو ماہ پہلے کی بات ہے کہ ہمارے ایٹمی پروگرام کے بارے میں کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ نہ پہلے معلوم تھا نہ انشاء اللہ آئندہ کچھ معلوم ہو سکے گا۔ اگر کوئی یہ دعویٰ کرتا ہے تو اسے خوش فہمی میں رہنے دیں۔ وقت بتا دے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی سب کچھ جاننے والا ہے۔ اب ساری دنیا کو معلوم ہو گیا کہ باخبری کے دعوے ہی دعوے تھے۔

س :- ہم اپنی ایٹمی ٹیکنالوجی کے لئے مطلوبہ خام مال اور دیگر ضروری اجزاء میں خود کفیل ہیں یا کسی پر انحصار کرنا پڑتا ہے؟

ج :- افزودگی کے لیے یورینیم ہمارے پاس موجود ہے۔ مقامی طور پر دستیاب ہے۔ اٹامک انرجی کمیشن نکالتا ہے۔ جہاں تک افزودگی پلانٹ کا تعلق ہے ہم خود کرتے ہیں۔ اس میں کسی کا کوئی تعلق نہیں۔ یورینیم کی افزودگی بہت مشکل کام ہے اور اللہ کے فضل سے یہ مشکل کام ہم خود کرتے ہیں۔ نہ صرف افزودہ کرنا بلکہ تمام آلائشوں سے پاک کرنا یہ سب کچھ ہم نے اپنی کوششوں سے کیا ہے۔

س:- توانائی کے حصول کے لئے ایٹمی میدان میں پاکستان اور چین کے تعاون سے چشمہ کے مقام پر ری ایکٹر کس پوزیشن میں ہے؟

ج:- چشمہ کے مقام پر 300 میگا واٹ کا بجلی گھر اس سال کے آخر تک کام شروع کر دے گا۔ کچھ عرصہ بعد کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری مقامی طور پر ایندھن تیار کرنے لگے گی۔ اس کی تمام تیاریاں مکمل ہیں۔

س:- شاک اینڈ وائبریشن ٹیسٹ کیا ہوتا ہے' کیا اس نوع کے تجربے سے غوری میزائل کی صلاحیت بڑھانے کی اطلاع درست ہے؟

ج:- میزائل کی صلاحیت پرکھنے کے لئے یہ ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔ ہم نے یہ ٹیسٹ بھی کر لیا ہے۔ غوری 700 کلوگرام وزن لے کر جا سکتا ہے جبکہ ہمارے ایٹمی ہتھیار کا وزن 400 کلوگرام ہے۔ یہ ٹیسٹ کرنے کے بعد ہمیں معلوم ہو گیا کہ غوری کی رینج 1500 سے بڑھ کر 1700 کلومیٹر ہو گئی ہے۔

س:- بار بار یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے یہ ٹیکنالوجی کسی اور سے لی ہے؟

ج:- کسی کی زبان نہیں پکڑی جا سکتی مگر اصل بات یہ ہے کہ یہ ٹیکنالوجی 50 برس پرانی ہے۔ میں نے اور میرے ساتھیوں نے پندرہ پندرہ برس دنیا کی اعلیٰ ترین یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔ ہم نے بین الاقوامی معیار کے مکالے لکھے ہیں دنیا نے جن کی اہمیت تسلیم کی ہے۔ ہمارے مقالے دنیا کے معروف جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔ آخر ہم یہ کام کیوں نہیں کر سکتے۔ کیا ہم نے یہ کر کے دکھا نہیں دیا۔ اب اگر کوئی نہیں مانتا تو نہ مانے۔ کوئی اور بات کہتا ہے۔ تو کہتا رہے ہم مطمئن ہیں کہ ہم اپنے دشمن سے کم تر نہیں ہیں۔ اب ہمیں کوئی ڈرا دھمکا نہیں سکتا۔ اس سے زیادہ اس معاملے میں کیا کہا جا سکتا ہے۔

س:- اس بات کے خدشات ظاہر کئے جا رہے ہیں کہ یہ ٹیکنالوجی منتقل ہو گی؟

ج:- دیکھئے پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے۔ پاکستان نے اس خطے کے امن کے لئے ہمیشہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہم تو دھماکہ بھی نہیں کرنا چاہتے تھے ہندوستان نے دھماکہ کر کے خطے کے امن کے لئے جو خطرات پیدا کئے اس کے ردعمل کے طور پر ہمیں بھی کرنا پڑا۔ پاکستان کی حکومت یہ کہہ چکی ہے کہ ہم نے یہ ٹیکنالوجی کسی کو نہ دی ہے اور نہ دیں گے مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی دوسرا ملک یہ سب کچھ نہیں کر سکتا آج ایران' کویت اور مصر ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کرنا چاہیں اور پانچ سال بعد کام شروع کریں تو دس نہیں تو پندرہ سال میں یہ صلاحیت حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم بھی انسان ہیں ہم نے علم حاصل کر کے محنت کی' توجہ دی' خدا نے ہمیں کامیاب کیا۔ جن ممالک نے یہ صلاحیت حاصل کی وہاں بھی سائنسدان انسان ہی ہیں کسی اور مخلوق نے تو یہ کام نہیں کیا۔

س:- پاکستان میں کوئی ایسا ادارہ موجود ہے جہاں مسلمان ملکوں کے طلباء کو ایٹمی ٹیکنالوجی کی تعلیم و تربیت دی جاتی ہو؟

ج:- ہمارے ملک میں ایسا کوئی ادارہ نہیں ہے جہاں غیر ملکی مسلمان طلباء کو ایٹمی ٹیکنالوجی کی تعلیم دی جاتی ہو۔ میرے علم و یقین کی حد تک یہ بات درست نہیں ہے۔

س:- شاہین اور غزنوی میزائل کے تجربے کی باتیں بھی ہو رہی ہیں جبکہ دفتر خارجہ تردید کر چکا ہے' ان اطلاعات

میں کتنی صداقت ہے؟

ج :- شاہین سے میرا کوئی تعلق نہیں۔ جب شاہین اڑے گا تو آپ میں بھی دیکھ لیں گے۔ غزنوی نامی میزائل کا مجھے علم نہیں کہ یہ نام رکھا گیا ہے اور کس نے رکھا ہے۔

س :- اگنی میزائل اپنے ہدف پر نہیں گرا تھا؟

ج :- جی ہاں یہ درست ہے۔ بھارت کا میزائل پروگرام پندرہ برس سے چل رہا ہے مگر ہندوستان اسے ٹھیک کر سکتا ہے۔

س :- یہ رول بیک اور کیپ کی بات کیا ہے؟ اور کیا اب کوئی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو ختم کر سکتا ہے؟

ج :- آپ کی بات کا جواب یہ ہے کہ جب بھی ایٹمی کلب بنے گا پاکستان اس کا رکن ہو گا۔ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے۔ اس نے تمام عالمی قوانین کی سختی سے پابندی کی ہے۔ کیپ کرنا یہ ہے کہ آپ ایسی کوئی مشین نہ بنائیں جس کے ذریعہ ایٹم بم بنایا جا سکے تو پاکستان نے کبھی اس قسم کا کوئی وعدہ کسی سے نہیں کیا۔ کسی بین الاقوامی فورم پر ہم نے اس کا وعدہ نہیں کیا۔ ہم بین الاقوامی فورم پر اپنی سلامتی اور تحفظ سے متعلق بات کرتے رہے ہیں۔ امریکی صدر بش اور ریگن کے پیغامات آتے رہے۔ ان کا اصرار تھا کہ ہم اپنا جوہری پروگرام کیپ کر دیں مگر ہم اپنے کام میں لگے رہے' ان پیغامات کا کوئی نقصان ہمیں نہیں ہوا۔

س :- ایک امریکی وکیل نے ایمل کانسی کے مقدمہ میں پاکستان کے بارے میں کچھ کہا تھا؟

ج :- جی ہاں اس نے میری بات دہرائی تھی جو میں نے امریکیوں اور یورپ کے بارے میں کہی تھی کہ پیسے لے کر یہ ماں کو بھی بیچ سکتے ہیں اور میں نے کچھ غلط بھی نہیں کہا تھا۔

س :- ڈاکٹر صاحب محترم وزیراعظم نواز شریف نے دھماکے کا فیصلہ کس دن کیا تھا؟

ج :- دھماکے کا فیصلہ 21 مئی کو ہو گیا تھا۔ (بشکریہ۔ آواز)

●●●

اسلام آباد

میں

درس قرآن کی ابتدا

بر مکان 302 - سٹریٹ 57 - سیکٹر F11\4

رابطہ جناب انعام الحق ملک صاحب

ایم اے - ایم فل

فون: 290900

نئی کتب

قرآن سے قرآن تک	علامہ محمد حسین عرشی	320/-
مضامین تصوف	مولف محمد ادریس	150/-
تاریخ طبری کے مآخذ	ڈاکٹر جواد علی / نثار احمد فاروقی	100/-
سونے کے زیورات کی شرعی حیثیت	پروفیسر رفیع اللہ شہاب	75/-
فجر الاسلام	علامہ احمد امین مصری	300/-
اکیسویں صدی اور ہمارے علماء	پروفیسر علی حسن مظفر	150/-
وحدت الوجود ایک غیر اسلامی نظریہ	الطاف احمد اعظمی	100/-
خطبات سیرت النبیؐ	سر سید احمد خان	300/-
تفسیر القرآن (مکمل)	سر سید احمد خان	600/-
تاریخ مخزن پنجاب	صوفی غلام سرور قریشی لاہوری	450/-
عورتوں کے بارے میں قرآنی احکام	پروفیسر رفیع اللہ شہاب	120/-
اسلامی تہوار اور رسومات	پروفیسر رفیع اللہ شہاب	130/-
عربی خود بولئے	پروفیسر رفیع اللہ شہاب	60/-
نامور مسلمان خواتین	علامہ اسلم جیراجپوری	120/-
الطلاق مرتن	علامہ تمنا عمادی	70/-

History of Philosophy (Western & Eastern) *(Radhakrishnan)* 600/-

Pivot of the Punjab *(Dr. Abdul Rehman)* 500/-

دوست ایسوسی ایٹس

پبلشرز بک سیلرز اینڈ جنرل آرڈر سپلائرز

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Phone : 7122981 Fax : 092-42-7122981

email:shahid.adil@usa.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر شبیر احمد (فلوریڈا)

"ہندو بم" اور ہم

اہل حق را زندگی از قوت است
قوت ہر ملت از جمعیت است
(اقبالؒ)

یعنی مسلمان کی زندگی کا تصور ہی بغیر قوت کے ممکن نہیں اور قوموں کی شوکت و قوت کا راز ان کے اتحاد میں ہوتا ہے۔

1973ء میں ایک مرد قلندر نے یہی بات عربی میں کچھ یوں کہی تھی "مسلمانوں کی تقدیر اس وقت تک نہیں بدلے گی جب تک ایک اسلامی ملک ایٹمی قوت نہ بن جائے اور مسلمانوں میں اتحاد نہ ہو جائے"۔

یہ مرد قلندر کون تھا؟ ظاہر میں بادشاہ باطن میں درویش "ملک فیصل بن عبدالعزیزؒ"۔ مقام تھا طائف کا شاہی محل۔ سامعین میں آرمی میڈیکل کور کا ایک نوجوان افسر بھی شامل تھا' یعنی صاحبِ مضمون (تیل کی ناکہ بندی کر کے اور اس طرح کے ارشادات سے قلندر بادشاہ نے اپنی شہادت کا سامان مہیا کر لیا تھا)

27 اور 30 مئی 1998 کو وطن عزیز نے ایٹمی دھماکے کر کے فیصل بن عبدالعزیز شہید کے خواب کو تعبیر دے دی۔ ایک اسلامی ملک ایٹمی قوت بن گیا ہے۔ زندہ باد! پائندہ باد!

صاحبو! آج ہمیں آپ سے یہ کہنا ہے کہ کروڑوں کٹر ہندو آج نہیں تین سو برس سے اسلام اور مسلمان کو برصغیر سے نیست و نابود کر دینے کی بھرپور کوششیں کر رہے ہیں اور بیشتر مسلم ممالک اس سازش سے آگاہ نہیں ہیں۔

دین کافر فکر و تدبیر جہاد
دین ملا فی سبیل اللہ فساد

ایٹمی قوت تو بحمد للہ اب ہمیں میسر ہے "اتحاد تنظیم یقین محکم" کا اگلا قدم اٹھانے کی باری آگئی ہے۔ آیئے ذرا ماضی اور حال کے ایک جائزے پر نکلتے ہیں تاکہ ہمیں آگاہی اور بیداری اور دشمن کی پہچان کی توفیق عطا ہو۔

1700ء ... سکندر آباد میں رام راج والوں نے "مغل اعظم" کی قبر کھود کر اس کی بچی کھچی لاش کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور اسے جلتی ہوئی چتا میں پھینک دیا! ایسا کیوں کیا ہندوؤں نے؟ بادشاہ اکبر تو ان کا محسن تھا۔ انہیں خوش کرنے کے لئے تو اکبر نے "دین الٰہی" ایجاد کر ڈالا تھا۔ گائے ذبح کرنے کی سزا اکبر نے موت مقرر کر دی تھی۔ داڑھی رکھنا جرم قرار دیا تھا۔ ہندو عورتوں کو مہارانیاں بنایا تھا اور ہندو فوجیوں کو فوج میں اعلیٰ عہدے دیئے تھے۔ کیا جرم تھا اکبر کا ان کٹر رامراجیوں کی نظر میں؟ یہ کہ اس کے نام کے درمیان "محمد" کا اسم آتا تھا! جلال الدین محمد اکبر

1707ء ... اورنگ زیب عالمگیر کی وفات پر پورے ملک میں کٹر ہندوؤں نے گھی کے چراغ جلائے اور ہندوستان بھر کے مسلمانوں کو بحر ہند میں غرق کر دینے کا عزم کیا۔

1707ء سے 1798ء تک ہندو سکھوں کے ہاتھوں مسلمانوں کا قتل عام کرواتے رہے اور پھر 41 برس تک رنجیت سنگھ کی سکھا شاہی میں قرآن کے لاتعداد نسخے جلوائے

گئے، مسجدوں کو گردواروں (مست گڑھ) میں تبدیل کیا گیا اور لاتعداد مسلم خواتین کی بے حرمتی کی گئی۔

1757ء ... بنگال میں مسلمانوں کی امیدوں کے چراغ نواب سراج الدولہ کو شہید کرنے میں میر جعفر جیسے غدار کے شانہ بشانہ امیر چند، مانک چند، راج بلبھ اور رائے دلربھ نے شب و روز کام کیا (جنگ پلاسی کے انگریز کمانڈر لارڈ کلائیو کو انگلستان واپس پہنچ کر بھی ضمیر کی خلش نے جینے نہ دیا اور اس نے 49 برس کی عمر میں خودکشی کر لی)

جیجا بائی کے بیٹے مرہٹہ سردار سیواجی 1670ء میں کہہ چکے تھے "میری تلوار پورے ملک کے مسلمانوں کو خون کے سیلاب میں بہا کر چھوڑے گی اور ایک مسلمان کا نشان بھی باقی نہ رہے گا"۔ (پنڈت نند کمار شرما)

1685ء میں سیواجی کے سپوت سنبھاجی بولے "مسلمان ملیچھوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر صاف کر دو" (تاریخ مہاراشٹر، بھائی پرمانند)

سنبھاجی کے سپوت ساہو اور ان کے پیشوا بالاجی باجی راؤ 1740ء میں چلکے "کاٹو ! درخت کو تنے سے کاٹو۔" (یعنی مسلمانوں کی قوت کے ہر سرچشمہ پر ضرب لگاؤ) شاخیں خودبخود گر جائیں گی" (خدا کا کرنا صاحبو ! یہ ہوا کہ زرغونہ بی بی کے لائق فرزند احمد شاہ ابدالیؒ نے 1761ء میں پانی پت کے میدان میں رام راج والوں کا تیا پانچا کاٹ ڈالا۔ زرغونہ بی بی نے اپنے بیٹے کو قندھار سے یہ کہہ کر رخصت کیا گیا تھا کہ یا وہ غازی بن کر لوٹے ورنہ میدان جنگ میں شہید ہو جائے)

ٹیپو سلطان جیسا مرد مجاہد جب وطن کو انگریز سے آزاد کروانے کی جدوجہد کر رہا تھا۔ 1782ء تا 1799ء) ہندو اس سے لڑتے رہے اور غدار ملت میر صادق کو ابھار کر مسلمانوں کی امیدوں کی ایک اور شمع کو گل کر دیا۔

مولوی اسماعیل اور سید احمد بریلوی کی بالاکوٹ کے مقام پر شہادت تک (1831ء) سکھوں کو ہندوؤں کی مکمل آشیرباد حاصل رہی۔

1857ء کی جنگ آزادی میں ہلکر، سندھیا اور گائکواڑ نے کھل کر انگریزوں کا ساتھ دیا۔

1873ء میں سوامی دیانند سرسوتی نے تحریک شدھی کی ابتدا کی یعنی برصغیر کے سب مسلمانوں کو ہندو بنایا جائے۔ جو لوگ شدھی ہونے سے انکار کریں انہیں ملک سے نکال دیا جائے "ہندوستان صرف ہندوؤں کے لئے ہے" (گنگا دھر تلک)

1923ء ... پنڈت مدن موہن مالویہ اور سوامی شردھا نند نے انگریز وائسرائے کے ساتھ ساز باز کر کے سنگھٹن کی تحریک شروع کی۔ یعنی بھارت ماتا کے سب باسیوں کو بزور شمشیر ہندو بنا لیا جائے۔

1925ء "اسلام کے روڑے کو کوئی ملک ہضم نہیں کر سکتا۔ ہمیں نہ صرف ہندوستان کے مسلمانوں کو شدھ کرنا ہے بلکہ افغانستان کو بھی ہندو افغانستان بنا کر اس پورے علاقے میں ہندو سوراج قائم کرنا ہے۔ (سنگھٹن کی ہندو فوجی تنظیم کے لیڈر لالہ ہردیال)

"ارجن کے دلارو ! اگر تم ایک گائے کی خاطر کراچی سے مکہ تک تمام مسلمانوں کو ختم کر دو تو بھی تھوڑا ہے" (مہاشہ پرتاپ 1927ء)

اور صاحبو ! اسی دور میں سوامی ستیہ دیو نے کہا۔ "مسلمانو ! اگر تمہیں برصغیر میں رہنا ہے تو یہ شرائط ہیں

1- قرآن کو نہ مانو۔
2- محمد ﷺ کو چھوڑ دو۔
3- مکہ سے لاتعلق ہو جاؤ۔
4- کبیر اور تلسی داس کو پڑھو۔
5- ہندو تہوار مناؤ۔
6- مسجدوں پر ویدک دھرم یا آریہ سماج کا جھنڈا لہرا کر

انہیں مندر بن جانے دو۔

مسلمان کے خون سے ہاتھ رنگنے والا اور ان کی عورتوں کو بے حرمت کرنے والا سیدھا سورگ (بہشت) میں جائے گا۔ (لالہ دھنپت رائے)

مسلمان نہ اللہ اکبر کہیں نہ خود کو اللہ کے بندے کہلائیں۔ وہ بندے ماترم پڑھا کریں۔ انہیں چاہئے کہ وہ بھارت ماتا کے بندے بن کر جئیں۔ (سمرتھ رام داس)

پوری قوم کو جل جانے دو! ہم پاکستان کے نام پر ایک انچ زمین نہیں دیں گے۔ (آنجہانی گاندھی)

پٹھانوں سے چاقو چھین لو۔ ہندو عورت کو پستول اور بندوق سے مسلح کرو۔ (آنجہانی گاندھی)

اور صاحبو! طرفہ تماشہ دیکھئے 1938ء میں ڈاکٹر ذاکر حسین کی سربراہی میں نئی تعلیمی پالیسی واردھا سکیم بنائی گئی۔ اس سکیم میں یہ کہا گیا کہ مذاہب سب برابر ہیں "بچوں کو آپ نہیں پڑھا سکتے کہ اسلام دین حق ہے" (کچھ غیرت مند مسلمانوں کی وجہ سے واردھا سکیم آگے نہ بڑھ سکی)

اردو کی جڑ کاٹو کہ اس کے حروف قرآن کے حروف سے ملتے ہیں (آنجہانی گاندھی)

ہری جن اور بیل کی قیمت ایک برابر ہے۔ مسلمان کی قیمت بیل سے کم ہے۔ (راجہ رام)

جواہر لال نہرو، سردار پٹیل اور ماؤنٹ بیٹن کی مشترکہ سازش کے تحت بددیانت انگریز وکیل ریڈ کلف نے بھارت اور پاکستان کے درمیان ایک لاکھ 75 ہزار مربع میل علاقے کی حد بندی کی۔ پنجاب میں یہ حد بندی آبادی کی اکثریت کے مطابق ہونا تھی لیکن ضلع گورداس پور میں یہ اصول توڑ کر دریائے راوی کو سرحد مان لیا گیا تاکہ کشمیر تک رسائی کی راہ ہندوستان کے لئے کھلی رہے۔ یہ ضلع بھارت کے حوالے کر دیا گیا۔ 14 اگست 1947ء کو ہندوانہ مکاری کی ایک مہیب سازش کامیاب ہوتے ہوتے رہ گئی۔ قائداعظمؒ کے موٹر کاروان کو کراچی میں اڑا دینے والا بم پھٹ نہیں سکا۔ (فریڈم ایٹ مڈ نائٹ: امریکی مصنف کولنز)

تقسیم ملک کے معاہدے کے تحت ایک لاکھ 65 ہزار ٹن فوجی ساز و سامان پاکستان کو ملنا طے پایا تھا۔ رام راج والوں نے چار ہزار سات سو ٹن ٹوٹا پھوٹا انجر پنجر بھیج دیا۔ پاکستان کے حصے کے 55 کروڑ روپے ہضم کرنے کی پوری کوشش کی۔ (برٹش انڈیا میکملن)

بھارتی حکومت نے دسمبر 1947ء میں نوزائیدہ پاکستان کو بھرپور حملہ کر کے ختم کرنے کا پروگرام بنایا۔ کچھ داخلی مجبوریوں کی بنا پر اس پر عمل نہ ہو سکا (سابق چیف جسٹس مسٹر مہاجن)

پاکستان کا قیام ایک عارضی حادثہ ہے۔ پاکستان کو مٹا دینے کے لئے 30 کروڑ ہندوؤں کو جان بھی دینی پڑے تو اس کے لئے تیار رہنا چاہئے (دیوان چمن لال)

صاحبو! 1947ء میں پاکستان وجود میں آیا تو رام راج کے پجاریوں نے 10 لاکھ مسلمانوں کو شہید کر ڈالا ان کے محلے کے محلے جلا دیئے۔ لاتعداد خواتین کو بے حرمت یا اغوا کیا۔ مکان، دکانیں، ٹرینیں لوٹی گئیں۔ پانی میں نیلا تھوتھا ملایا گیا۔ مسلمان زندہ جلائے گئے۔ ان کے جسمانی اعضاء قطع کئے گئے۔ بچوں کو نیزوں پر اچھالا گیا۔ ہزاروں مسجدوں کو مندروں اور گردواروں میں تبدیل کر دیا گیا۔

خود بھارتی حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق 1947ء سے آج تک ملک میں دس ہزار سے زیادہ بلوے مسلمانوں کے خلاف ہو چکے ہیں۔ کمال یہ ہے کہ آج تک کسی ہندو کو ان بلوؤں کی پاداش میں قابل ذکر سزا نہیں دی گئی۔ دنیا کی تاریخ میں ایسی اندھیر نگری کسی قوم نے نہیں مچائی ہے!

"میرے پتا جی نے بھارت ماتا کو دو حصوں میں کٹنے دیا۔ اکھنڈ بھارت ہمیشہ ہندو کے دل کا ارمان رہے گا"۔ (اندرا گاندھی 1972ء)

صاحبو ! یہ تو ہندو ذہن' سیاست اور تاریخ کی صرف چند جھلکیاں ہیں۔ داد دیجئے چوہدری رحمت علیؒ کو جنہوں نے 28 جنوری 1933ء کو لندن میں صاف صاف اعلان کر دیا تھا "ہم ہندو قومیت کی سولی نہیں چڑھیں گے"۔ انہوں نے وطن سے دور رہتے ہوئے آنے والے حالات کو بھانپ لیا تھا۔ آج یہ حال ہے کہ شہری ہو دیہاتی ہو مسلمان ہے سادہ۔ اہل پاکستان کی اکثریت ہندوؤں کی سیاہ تاریخ اور سیاست سے ناواقف دیکھی جاتی ہے۔ بڑے بھولپن سے آج بھی پوچھ لیتے ہیں "قائداعظمؒ نے پاکستان بنایا کیوں تھا؟" ہندو اور مسلمان اکٹھے کیوں نہیں رہ سکتے تھے؟" تازہ ترین سوال یہ کہ پاکستان کو ایٹمی دھماکہ کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ جواب علامہ اقبالؒ سے سنئے

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے
ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات
دیکھ مسجد میں شکست رشتہ تسبیح شیخ
بت کدے میں برہمن کی پختہ زناری بھی دیکھ

ایسی عمارت دنیا میں کوئی نہیں بنوا سکتا اور اگر بنوانا چاہے تو اسے ایک کروڑ اشرفیاں اور 200 سال کی مدت صرف کرنا ہوگی۔ بشرطیکہ اسے بہترین کاریگروں کی خدمات بھی حاصل ہو جائیں"۔

صاحبو ! یہ عبارت کہاں لکھی ہوئی تھی؟ 1020ء کے لگ بھگ متھرا کے مندر کے باہر ایک تختی پر!

"ہندوستان کے مندروں کی خوبصورتی اور نفاست کا بیان نہ کسی مصنف کے قلم سے ممکن ہے اور نہ کسی مصور کے برش میں یہ طاقت ہے کہ اس کی تصویر کشی کر سکے۔"

"ہندوستان کے مندر فن تعمیر کے بہترین نمونے ہیں۔ لوگ انہیں دیکھ کر مبہوت رہ جاتے ہیں۔ ان کا مثل تعمیر کرنا تو درکنار ان کی تفصیل بھی بیان سے باہر ہے"۔

صاحبو ! یہ بیانات ہیں سلطان محمود غزنوی کے مشہور درباریوں ابو ریحان البیرونی اور ابن عتبی کے۔ حیرت کی بات ہے کہ یہ عظیم الشان مندر ان لوگوں نے بنائے جو ہندو مت کو مرنجاں مرنج اور وسیع المشرب (آج کی اصطلاح میں) سیکولر مذہب کہتے تھے۔ ہر قوم کے دیوتا کو اپنا دیوتا بنا لیتے تھے۔ حیوانات' نباتات اور جمادات میں لاکھوں ہی دیوتا تھے ان کے۔ ان گنت انسانوں کو بھگوان کا اوتار قرار دیتے تھے۔ عملی طور سے

تراشیدم پرستیدم' شکستم

یعنی بت تراشتا ہوں' اس کی پوجا کرتا ہوں اور پھر اسے توڑ ڈالتا ہوں۔ یہ تھی حالت ہندومت کی ہزار سال پہلے اور کچھ مختلف نہ تھی دو ہزار سال پہلے اور کچھ بدلی نہیں ہے آج کے دور میں!

سیکولر ازم کا دعویٰ کرنے والا ہندوستان مذہبی اعتبار سے کٹر ہندو ریاست ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بہت سے یورپین اسکالرز نے ہندوؤں کو دنیا کی سب سے زیادہ مذہبی قوم قرار دیا ہے!

دنیا میں سب سے زیادہ عبادت گاہیں کونسے ملک میں ہیں؟ بھارت میں (ان گنت مندر ہیں وہاں) وہ کون لوگ ہیں جو دیوتاؤں کا نام لئے بغیر کوئی کام شروع نہیں کرتے؟ جواب آپ خود سمجھ لیں۔ کونسی قوم ہے جن کے یہاں قتل ڈاکہ چوری اتنے بڑے جرائم نہیں جتنا بڑا جرم ہے مذہبی رسموں کی ادائیگی میں غفلت ہو جانا۔ جنم کنڈلی' مہورت' جوتشی اور پنڈت کی اطاعت' شبھ اور اشبھ گھڑی وغیرہ! دنیا کا سب سے بڑا مذہبی اجتماع کیا آپ مسلمانوں کے حج کو سمجھتے ہیں؟ جی نہیں بنارس اور جگن ناتھ تیرتھ کے لئے ہر سال کئی ملین زائرین آتے ہیں لیکن ہر 12 سال بعد اڑیسہ کے ساحل پر کروڑوں یاتری جمع ہو جاتے ہیں اور جب جگن ناتھ جی کا رتھ نکلتا ہے تو اس کے پہیوں کے نیچے آکر جان دینے کو لاکھوں ہندو اپنی زندگی کا سب سے بڑا ارمان سمجھتے ہیں۔

غیر ذات کے ساتھ سواری کر لینا یا اس کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا لینا انہیں ناپاک کر دیتا ہے۔ اس طرح کہ ان کی ذات کھو جاتی ہے اور ذات کھو جانے سے موت بہتر سمجھی جاتی ہے۔ ہم بی جے پی B.J.P یا شیوسینا والوں کی بات نہیں کر رہے صاحبو ! بات ہو رہی ہے ہندو دھرم کے عام پیروؤں کی، سواد اعظم کی ! کمال یہ کہ اہل ہند کو شکایت ہم سے ہے کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں ! یہ پاکستان والے مذہب کی بات کیوں کرتے ہیں؟ اپنے ملک کو سیکولر کیوں نہیں کہتے؟

بہمن گوید کہ از تسبیح بگذر
بدوش خود برد زنار خود را

(برہمن مجھے کہتا ہے تسبیح چھوڑ دے اور خود زنار لئے پھرتا ہے)

500 ق - م کے آس پاس منوجی کا دھرم شاستر قلم بند ہوا۔ منو مہاراج کا یہ صحیفہ آج بھی ہندو مت میں اور ہندوستانی معاشرے میں مرکزی حیثیت کا حامل ہے۔ اس دھرم شاستر کے کچھ ارشادات ملاحظہ فرمایئے

دشمن سے خطرہ ہو تو کچھوے کی طرح سر چھپا کر ناک میں رہو اور موقع ملتے ہی مہیب ناگن کی طرح سر اٹھا کر اسے ڈس لو۔

بغیر چڑھاوے کے دیوتا بھی کام نہیں آتے۔ گائے کے تھن میں دودھ نہیں رہتا تو بچھڑا بھی اسے چھوڑ جاتا ہے۔ اس لئے جس سے تمہیں مطلب ہو اسے رشوت کی نذر و نیاز دیتے رہو۔

عورت کی عقل، علم اور پاکیزگی پر کبھی اعتماد نہ کرو۔

دشمن میں پھوٹ ڈالے بغیر کامیابی نصیب نہیں ہو سکتی۔

ہتھیاروں سے دشمن پر ایسی فتح نہیں پائی جا سکتی جیسی حیلہ سازی سے۔

گائے اور برہمن کو مارنے والے کو قتل کر دو۔

اگر شودر کسی دوسری ذات کا نام بھی بے حرمتی سے لے تو ایک لوہے کی کیل دس انگل لمبی آگ میں سرخ کر کے اس کے منہ میں ڈالی جائے گی۔

ایک طرف تو یہ متشدد خیالات، افکار اور عقیدے اور دوسری جانب ہندو مت کی وہ رواروی کہ جو مذہب ہندوستان آیا اسے اسفنج کی طرح اپنے اندر جذب کر لیا۔ الطاف حسین حالیؒ نے ان ہی معنوں میں ہندو مذہب کو "اکال الامم" یعنی امتوں اور مذاہب کو کھا جانے والا دیو کہا ہے۔ اس "اکال الامم" کے لئے بدھ مت لکڑی کا ایسا لڈو ثابت ہوا ہے جسے نگلنا مشکل ہو گیا۔ رام راج والے ہندو نے بدھ مذہب کو دیس نکالا دے دیا۔ جلاوطن کر ڈالا ! بدھ مت پھر چلا تو ہندوستان سے باہر، مشرق بعید میں !

اب اس ہندومت کے "اکال الامم" کا واسطہ پڑا دین اسلام سے۔ معاف کیجئے صاحبو ! دین اسلام سے سابقہ ہی نہیں پڑا، مذہب اسلام سے پالا پڑا۔ مسلمان بادشاہ ہندوستان میں دین لائے ہوتے تو اہل ہند آج سب کے سب امت مسلمہ کا حصہ ہوتے۔ دین اور مذہب کے اس فرق کو علامہ اقبالؒ کی بصیرت نے کیا خوب واضح کیا ہے !

یا وسعت افلاک میں تکبیر مسلسل
یا خاک کے آغوش میں تسبیح و مناجات
وہ مذہب مردان خود آگاہ و خدامست
یہ مذہب ملا و نباتات و جمادات

جیسا کیسا بھی مذہب اسلام ہمارے بادشاہوں صوفیوں اور فقیہوں نے ہندوستان میں پیش کیا وہ منو مہاراج کے دھرم کے لئے ایک عذاب بن گیا۔ بقول مہاشہ پرتاب "ایک ایسا روڑا ہے جسے نہ نگل سکے نہ اگل سکے"۔ اسلام کی توحید خداوندی اور انسانوں کی مساوات میں کچھ ایسی کشش تھی کہ محمود غزنوی اور شہاب الدین غوری کے دور سے ہی

منوجی کے چیلے دھڑا دھڑ اسلام کی آغوش میں پناہ لینے لگے۔
پھر گیارھویں اور بارھویں صدی عیسوی میں دور اندیش برہمن نے بھگتی تحریک شروع کر دی۔ مہا بھارت ' رامائن ' اپنشدوں ' ویدوں اور منوجی کے دھرم میں توحید اور انسانی مساوات کی کوئی گنجائش نکلتی نہیں تھی لیکن بھگتی تحریک والے برہمنوں نے خشک چٹانوں سے چشمہ نکالنے کی کوشش کی۔ بولے ہندومت نے توحید کو مانا ہے۔ یہاں تک کہ بیسویں صدی میں ابوالکلام آزاد جیسا عالم بھی اس پروپیگنڈے سے متاثر ہو کر لکھ گیا "دنیا کے کسی مذہب نے توحید کو اتنی قریب سے نہیں دیکھا جتنا ہندومت نے دیکھا!"
بھگتی تحریک والوں نے رام اور رحیم کو ایک قرار دیا۔ ہندوؤں کی ذات پات پر تکلف کے طور پر زبانی تنقید فرمائی۔ توحید اور انسانی مساوات کا درس ہندوؤں کو بھگتی والوں کے یہاں ملنے لگا۔ اسلام کی تبلیغ کی رفتار مدھم پڑ گئی۔
1857ء کی جنگ آزادی کے ارد گرد لارڈ میکالے اور ڈاکٹر ہنٹر لکھ ہی چکے تھے کہ مسلمانوں کا وجود اور اسلام کا نام و نشان برصغیر سے ہمیشہ کے لئے مٹا چاہتا ہے لیکن صاحبو! ہوا کیا؟

"ہندو بم" کی اگلی قسط کا انتظار فرمائیں۔

•••

ختم نبوت فنڈ کا قیام

طلوعِ اسلام عقیدہ ختم نبوت کو دین کی اصل اور اسلام کی اساس سمجھتا ہے۔ اس کے نزدیک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی یا رسول نہیں ہو سکتا۔ نیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ختم نبوت کا اعلان دراصل نوعِ انسان کی آزادی کا اعلان ہے۔ انسانی اختیار و ارادہ پر جس قدر پابندیاں عاید کرنی مقصود تھیں ان سب کی صراحت قرآن مجید میں کر دی گئی ہے۔ اور اس امر کی ضمانت دی گئی ہے کہ ان میں کوئی تغیر و تبدل نہیں کر سکتا۔ یہ ضمانت نوعِ انسان کے لئے بہت بڑی رحمت ہے کیونکہ اس کی رو سے انسان اپنی آزادی کی طرف سے حتمی اور یقینی طور پر مطمئن ہو جاتا ہے۔

علامہ غلام احمد پرویز نے اپنی معرکہ آرا تصنیف "ختم نبوت اور تحریک احمدیت" میں اس موضوع پر نہایت مدلل اور پرمغز بحث کی ہے۔ اس کتاب کی اہمیت اور افادیت کے پیش نظر ادارہ طلوعِ اسلام نے فیصلہ کیا ہے کہ اس کی وسیع پیمانے پر اشاعت کر کے مفت تقسیم کیا جائے تاکہ اس سے زیادہ سے زیادہ لوگ استفادہ کر سکیں اور دوسرے یہ کہ عقیدہ ختم نبوت سے متعلق طلوعِ اسلام کے نقطہ نظر کے بارے میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ان کی وضاحت ہو جائے۔ اس کام کے لئے بہت ساری رقم درکار ہے جو کہ تحریک طلوعِ اسلام کی مالی استطاعت سے باہر ہے۔ لہذا، ختم نبوت کے نام سے فنڈ قائم کیا گیا ہے اور طلوعِ اسلام کے تمام کرم فرماؤں سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ اس فنڈ میں دل کھول کر چندہ دیں تاکہ اس کام کو خوش اسلوبی سے سر انجام دیا جا سکے۔ آپ اپنے عطیات ادارہ طلوعِ اسلام یا طلوعِ اسلام ٹرسٹ ختم نبوت فنڈ کے اکاؤنٹ میں بھجوائیں۔ تحریک آپ کے تعاون کے لئے ممنون رہے گی۔

فہرست کتب از ڈاکٹر سید عبد الودود

نمبر شمار	کتب	قیمت
-1	مظاہر فطرت اور قرآن	300/= روپے
-2	Phenomena of Nature & Quran	400/= روپے
-3	Conspiracies against the Quran	200/= روپے
-4	The Heavens, the Earth & the Quran	200/= روپے
-5	Gateway to the Quran	100/= روپے
-6	Quranocracy, not Democracy	100/= روپے
-7	Pretenders' Mutual Tussle & the Quran	100/= روپے
-8	Food & Hygiene in Islam	60/= روپے

فہرست پمفلٹ از ڈاکٹر سید عبد الودود

نمبر شمار	پمفلٹ	قیمت
-1	Rule of Allah in State Affairs	50/= روپے
-2	Islamic Social Order	10/= روپے
-3	How to Achieve Solidarity of Ummah	10/= روپے
-4	Timings of Salat	10/= روپے
-5	Decentralisation of Ummah is the Basic Cause of its Debasement	(Under Print)
-6	Establishment of Islamic Social Order in Pakistan by Late President Muhammad Zia-ul-Haq. A Reality or a Mirage?	10/= روپے
-7	A Viper Stings	10/= روپے
-8	فریب جمہوریت	(Under Print)
-9	صدر ضیاء الحق مرحوم کا نفاذ اسلام۔ حقیقت یا سراب	10/= روپے

●●●●●

کتب اور پمفلٹ طلوع اسلام ٹرسٹ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ رحمت اللہ طارق

اور جب بولی دے کر مسلمان فروخت کر دیئے گئے

بارہویں صدی مسیحی کا ایک شرمناک واقعہ

نفرت ایک ایسا تخریبی "محرک" ہے جو مخالف کے وجود کی نفی کر دینے کے باوصف نرم نہیں پڑتا۔ بلکہ تاریخ نے بعض ایسے بھی واقعات کو محفوظ کر رکھا ہے، جنہیں اگر سینہ حوادث کو چاک کر کے آشکارا کر دیا جائے تو بہت سی جبینوں پر شکنیں پڑ جائیں گی۔ لہٰذا میں زیادہ گہرائی میں جانے کی بجائے صرف تین واقعات کا ذکر کر کے اپنے مقصد کی وضاحت کروں گا۔

بنگالیوں کے خلاف طوفان باد و باراں

کوئی تین عشروں کی بات ہے کہ مشرقی پاکستان میں احساس محرومی نے کچھ ناگوار صورت اختیار کر لی۔ جس پر ہونا تو یہی چاہیئے تھا کہ ان کی سنی جاتی۔ لیکن ہوا یہ کہ پاکستانی صحافت نے بعض خفیہ طاقتوں کی انگیخت پر نفرت اور انتقام کا لاوا اگلنا شروع کیا۔ جس سے حاکموں اور محکوموں کے مابین "تناؤ" اور کھچاؤ بڑھتا چلا گیا۔ جنگ، جسارت اور نوائے وقت نے حسب عادت، بنام اسلام، حاکموں کی حمایت اور بنام لادینیت، محکوموں کی مخالفت میں تمام زور صرف کر ڈالا۔ ان ہی دنوں یا اس سے کچھ ہی عرصہ پہلے سید مودودی نے قتل مرتد کے عنوان سے ایک زہریلی تحریر متعارف کرائی جس میں مرتد کے مفہوم میں وسعت پیدا کر کے سیاسی مخالفین کو بھی زمرہ منحرفین میں شمار کیا گیا۔ بلکہ حالات کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ مسٹر یحییٰ خاں کے دور میں بواسطہ، نوابزادہ شیر علی، مودودی حضرات نے عسکریوں تک رسائی حاصل کر لی اور اپنے کو ترجمان شریعت کی حیثیت سے منوا لیا۔ اس کے بعد یہی حضرات سانحہ مشرقی پاکستان میں مارشل لاء کے دست و بازو بن کر بنگالیوں کے خلاف صف آراء ہو گئے۔ انہیں باغی، لادین، اسلام سے منحرف اور واجب القتل ٹھہرایا گیا۔ ان کی جانوں کی حرمت اور خواتین کی عصمت کو مباح اور قابل پائمالی گردانا گیا۔ بلکہ اسلام کو پسند کرنے والوں نے، بغیر کسی نمائندگی کے، قابض ہونے پر نہ تو خفت محسوس کی اور نہ ہی عرق انفعال میں ڈوبے۔ انہوں نے اردو والوں کو ملا کر البدر اور الشمس کے عنوان سے فوج تیار کر کے جہاد کا اعلان کر دیا۔ پھر جس طرح ہندوؤں نے کشمیر میں، عیسائیوں نے بوسنیا میں اور یہودیوں نے فلسطین میں مسلمات کی عفت و عصمت کو تار تار کیا اسی طرح ڈھاکہ میں اسلام پسندوں نے اپنی کلمہ گو بہنوں کی عصمتوں کو ہوس کاری کی بھینٹ چڑھا دیا کہ ان کے جہاد کے اعلان کے بعد ایسا کرنا ضروری تھا --- یہ بہتان ہے نہ الزام تراشی بلکہ ان ہی دنوں عالمی پریس ان شرمناک واقعات کو سامنے لے آئی اور دبے الفاظ میں پاکستانی قیادت نے اس کا اعتراف بھی کیا تھا۔ بلکہ جنرل نیازی نے تو اس اعتراف کو یہ کہہ کر پختہ بنا لیا تھا کہ بنگلہ خواتین کے جسموں میں "باس" ہوتی ہے --- بلکہ حال ہی میں روزنامہ "خبریں" نے اپنے پہلے صفحے پر ----- تین

سطری عنوان دے کر لکھا ہے کہ

بنگلہ دیش حکومت نے اتوار کے روز پاکستان کے قائم مقام سفیر رفعت اقبال کو طلب کیا اور کہا کہ پاکستان 1971ء کی جنگ پر معذرت کرے تو بنگلہ دیش اسے معاف کر دے گا۔ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ کے ایک سینئر اہلکار نے پاکستانی سفیر کو بتایا کہ ہم نے آزادی حاصل کرنے کے لئے جو جنگ لڑی اس میں بے پناہ قربانیاں دی گئیں۔ ہم ان تلخ تجربات کو ہرگز فراموش نہیں کر سکتے۔ آزادی کی جنگ میں ہماری دو لاکھ عورتوں سے زیادتی ہوئی اور 30 لاکھ افراد قتل ہوئے۔

(روزنامہ خبریں ملتان۔ پیر 4 مئی 1998ء صفحہ 1 کالم 6 و صفحہ 11 نمبر 22)

اور یہ الزام نہیں' حمود الرحمان کمیشن کے سامنے ایسے بھی اشارے ملتے ہیں جو اس حادثہ فاجعہ کی تصدیق کرتے ہیں۔

جہاد افغانستان

ابھی کل کی بات ہے کہ بین الاقوامی سامراج نے افغانستان کی خانہ جنگی کو اسلامی مسئلہ بنا کر ہمارے سامنے رکھا اور ہماری "منصورہ" سرکار نے بنگالیوں کی طرح افغانیوں کے خلاف بھی نفرتوں کے لاوے اگلنا شروع کر دیئے اور اب کی بار بھی مارشل لاء کا ساتھ دینے کا قرعہ فال مودودی حضرات کے نام ہی نکلا۔ انہوں نے اب بھی اسی پرانی روش کے مطابق نفرتوں اور جہاد کے گولے داغنا شروع کر دیئے۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے نقد صلہ کی صورت میں ارب ہا ڈالر ان کے دست تصرف دیدیئے گئے۔ اب پھر سے اسلام کے نام پر کشتوں کے پشتے لگ گئے۔ مارنے والے بھی مسلمان اور مرنے والے بھی مسلمان۔ حتیٰ کہ اسلام کے اس زندہ معجزے کو دیکھ کر سیکولر یورپ اور لادین چاپانا تک اسلام کی حمایت میں کود پڑے لیکن اس خراب و دمار میں پاکستان کو کیا ملا؟ 30 لاکھ افغانی لاشیں' 35 لاکھ پاکستان کے نئے قابضین' ہیروئن' کلاشنکوف اور خلیج و اسلام آباد کے خلوت کدوں میں گوری گوری دوشیزاؤں کے غول کے غول اور زوال افغانستان کے دائمی اسباب۔ میں نے ایک ملا سے دریافت کیا کہ جن دوشیزاؤں سے عرب کے شیوخ اور پاکستانی امراء کے محلات و قصور بھر دی گئیں وہ روسی نہیں مسلم خواتین تھیں۔ ان کی عصمتیں کیوں پائمال ہوتی رہیں؟ ارشاد ہوا جہاد کا جب اعلان ہوتا ہے تو فریق مخالف کی عورتوں کو آغوش میں لیا جا سکتا ہے۔

سندھیوں سے امتیازی سلوک

نفرت کے ان صنم کدوں کے پجاریوں نے مضبوط مرکز اور نظریہ پاکستان کے سلوگنوں سے مغربی پاکستان کی فضا کو بھی "مکدر" اور متعفن بنانے کی بنیاد اس وقت رکھ دی تھی جب ڈھاکہ ساقط ہو گیا تھا۔ یعنی کہ محرومیت کے احساس میں ڈوبی ہوئی ملت پاکستان کے خلاف نفرت و انتقام کی آگ کی خندقیں مودودیوں نے 32 سال پہلے کھود کر اسلامیوں کو جھونک دیا اور ویرانی مسلم پر تماشہ کرتے رہے۔ کیونکہ سامراجیوں اور سرمایہ داروں نے اس غرض کے لئے ان کے دامن' زر و جواہر سے بھر دیئے تھے۔ بعد میں گردش لیل و نہار نے اگرچہ تب کے حالات کو نئے رخ پر ڈال دیا تھا' مگر ان کے مزاج میں نہ تبدیلی ہوئی اور نہ ہی افتاد طبع نے پلٹا کھایا کیونکہ ہمارے بعض اسلام پسند کالم نویس آج بھی اسی انتقامی اور نفرت آگیں ذہنیت سے کام لے رہے ہیں' جس سے پہلے کام لیتے رہے۔ وہ آج بھی پسماندہ علاقوں کے خلاف نفرت و انتقام کی وہ دھونکنی دھونک رہے ہیں۔ اور مخالفین پر مرکز گریز رجحانات کے الزامات عائد کر کے ان کا حق دبانے کی چال چل رہے ہیں۔ سندھی اور وطن دشمن؟ یہ

لفظوں کی عجیب صناعی ہے وہ سندھ جس نے آج سے چودہ سو سال پہلے اپنے سینے کو اسلام کے لئے کھلا رکھا۔ وہ سندھ جس نے قرار داد لاہور سے پہلے اپنے صوبے کی جانب سے پاکستان بنانے کی قرار داد پاس کی۔ آج اسے ہی پاکستان اور اسلام دشمنی کا تمغہ دیا جا رہا ہے۔ کاش مرکز والے ہوش کے ناخن لیتے اور مخصوص انتقام کو ملحوظ رکھ کر' سندھیوں کے عمومی مفاد اور مزاج سے صرف نظر کرتے ہوئے ان کی قسمت کے فیصلے لندن اور لاہور میں کرنے سے گریز کرتے۔ آخر ابناء اسلام کو صوبوں کو دبا کر رکھنے کی پٹی کس نے پڑھائی اور کس نے یہ درس دیا کہ اس زمین پر فرزند زمین کا کوئی حق نہیں ہے۔ آخر مرکز اور ایجنسیاں اپنی کج ادائیوں پر نظرثانی کیوں نہیں کرتیں؟ پہلے کی طرح اب بھی لہجے کی تلخی' الفاظ کی صلابت' طنزیہ فقروں کی تندہی و تیزی کیوں جاری ہے۔ کیا پاکستان کے خیر خواہ صرف پنجاب میں رہتے ہیں؟ اسلام کی سربلندی صرف اردو پریس کے ذریعہ ہی ہو رہی ہے؟ کاش یہ منفی سوچ پروان نہ چڑھتی ماضی میں سوشلزم کو ایسے کریہی معانی پہنائے گئے اور ایک معیشی اصطلاح جسے آزمایا تک نہیں گیا اسے بہانہ بنا کر لوگوں کو ایک خاص صوبے کے خلاف نفرت پر اتنا ابھارا گیا کہ پھر سے ڈھاکہ کی یاد تازہ ہو گئی۔ یہاں کے ان مسلمانوں کو جو ناموس رسالت کے لئے ایک تاریخی کارنامہ سرانجام دے چکے تھے قطعی کافر نسلی غیر مسلم اور دشمن پاکستان ٹھہرا کر واجب القتل ٹھہرایا گیا۔ بلکہ ایجنسیوں نے ان ہی لوگوں کو جس طرح ڈھاکہ کی حکومت سپرد کر دی تھی۔ یہاں بھی بغیر نمائندگی کے شریک اقتدار بنا کر ان کی ڈنڈا فورس بنا ڈالی اب اس فورس نے عسکری پشت پناہی میں پرامن شہریوں کو نہ صرف پریشان کرنا شروع کیا۔ ان کے قرآن پڑھتے نونہالوں کو محلے کی مساجد سے اٹھوا دیا۔ گھروں کو آگ لگا دی گئی۔ نظام مصطفیٰ کے جلوسوں میں کہیں دور کھڑے بزعم ان کے کسی سوشلسٹ پر نظر پڑ گئی تو دوڑ کر اسے پکڑا اور پھر مار مار کر جان سے مار ڈالا۔ مسلمانوں کے قبرستان میں دفنائے جانے پر مزاحمت کی۔ جنازے پڑھنے میں رکاوٹیں ڈالی گئیں۔ ان کے وکلاء' دانشوروں' صحافیوں اور کارکنوں کو ٹارچر سیلوں میں رکھ کر ناکردہ جرم کی پاداش میں اذیت کی انواع و اقسام سے دوچار کیا گیا۔ کاش یہ روسیاہیاں اسلام کے نام پر روا نہ رکھی جاتیں۔ ان ہی لوگوں نے عسکری قیادت کو یہ بات سمجھا دی کہ لڑاؤ اور حکومت کرو۔ چنانچہ اس نیک مشورے پر عمل کرتے ہوئے خود سر اور خود ساختہ امیر المومنین نے عامتہ الناس کو سیاسی اور مذہبی دھڑوں میں بانٹ کر دانستہ سپاہ صحابہ' سپاہ محمد' ایم کیو ایم اور پختون خواہ کے عنوان سے مشتہر کیا۔ کھلی حق تلفیوں کو اسلام کی شوکت اور دبدبہ سے تعبیر کیا گیا۔ غرضیکہ ہمارے علماء' زعماء اور عسکری قیادتوں نے مل کر تمام تعصبات اور نفرتوں کو اسلام کے حوالہ سے پھیلایا اور عام کیا۔ سندھ میں دانستہ زوال امت کے اسباب پیدا کئے گئے۔ طاقت کا ارتکاز کر کے احساس محرومی کو توانا بنایا گیا۔ صوبوں میں ڈمیوں کا سہارا لے کر حقیقی خیر خواہوں کو نظرانداز کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سب کچھ اسلام کی سربلندی کے لئے کیا جاتا ہے۔ لیکن اسلام اگر وحی قرآن سے کشید ہوتا ہے تو وحی قرآن پیار و محبت اور اعلیٰ قدروں کا درس دیتی' اور نفرت سے دور رہنے کی تلقین کرتی ہے۔ وہ اپنے بدترین حریفوں سے بھی اچھی معاشرت کا حکم دیتی ہے۔

" لکم دینکم ولی دین" یعنی انہیں کھلے دل سے جینے کا حق دیتی ہے۔ جبکہ رائج اسلام میں پیار و محبت کی رتی تک نہیں ہے اور غیر تو غیر اپنے ہی بھائی بندوں کی گردن ناپنے کے اشارے دیتا ہے۔ لیکن یہ اسلام نہیں۔ یہ تو مذہب ہے' جو انسانوں میں دھڑے پیدا کرتا اور پھر ہر دھڑے کو دوسرے کے خلاف نبرد آزما بنا دیتا ہے۔

ناظرین محترم

میری یہ تلخ نوائی میری مجبوری ہے۔ میرے نزدیک جس طرح دولت کا ارتکاز برا ہے اسی طرح طاقت کا ارتکاز بھی تمام

خرابیوں کا منبع ہے۔ اور اسی طاقت کے بل بوتے پر ملازمتیں چھینی جا رہی ہیں۔ اور اسی ہی طاقت کے بل پر لندن اور لاہور میں قسمتوں کے فیصلے کر کے ایک نئے ڈھاکہ کا سنگ بنیاد رکھا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ کی ایک خبر ملاحظہ ہو روزنامہ خبریں لکھتا ہے۔

سندھ میں ڈویژن کی سطح پر صوبے بنائے جائیں۔ ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کی قرارداد

(خبریں۔ ملتان 7 مئی 98ء صفحہ 3 تین کالمی سرخی کالم 6 تا 8)

غور فرمایا آپ نے کیا یہ قرارداد کوئی خوشگوار اثر چھوڑ سکتی ہے۔ الطاف صاحب پھوٹ اور دھڑے بندی کا کھلا سمبل ہیں کبھی جناح پور کے نقشے تقسیم کرتے ہیں تو کبھی کلاشنکوف کے زور پر کروڑوں کے بھتے وصول فرماتے ہیں۔ علیحدہ حکومت کا حصول ان کی دیرینہ خواہش ہے۔ دہشت گردی ان کا شیوہ ہے۔ بوری بند ہزاروں لاشوں کے تحفے بھیجنا ان کا وطیرہ ہے۔ پچاس برس ہو گئے ان لوگوں نے اپنی پہچان نہیں بدلی۔ اگر سندھی کہلانے سے انہیں نفرت تھی تو مہاجر کی بجائے صرف پاکستانی کہلاتے مہاجر تو قومیت کے مفہوم میں استعمال ہو ہی نہیں سکتا۔ نہ زبان و ادب اس کی تائید کرتے ہیں نہ لغت اور تمدن ----
یہ لوگ اسلام آباد کے کھونٹے پر ناچ کر' مرکز توڑ کارروائیاں سرانجام دے کر' اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں اور پھر ایسا بھی ہو گا کہ مودودی پارٹی والے اسے بھی فرزند وطن کے کھاتے میں ڈال کر ملت کے برائے نام اتحاد کو بھی پارہ پارہ کر ڈالیں گے۔
میں قرآن کا طالب ہوں اور قرآن کا صرف ایک ہی مطالبہ ہے کہ ہم انفرادی خواہ اجتماعی طور پر ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ ہماری وحدت کس طرح سے قائم رہ سکتی ہے۔ اور ڈھاکہ کے تناظر میں سوچیں کہ موجودہ کردار فرزندان وطن کو مطمئن کر سکتا ہے؟

صنم کدۂ قومیت پر انسانوں کی بھینٹ

ناظرین میں قومیت اور لوگوں کے خود اختراعی مذاہب پر دانستہ بحث کرنا نہیں چاہتا۔ تاہم میرے نزدیک قومیت ایسی ہی بری چیز نہیں جسے گالی سمجھ کر مسترد کر دیا جائے۔ قرآن پاک نے جو لوگ قومیت' ذات اور گوت بدلتے یا ذریعہ شناخت کی نفی کرتے ہیں' ان کی مذمت کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قومیت کی نفی نہیں ہو سکتی۔ نفی غلط مقاصد کے لئے استعمال ہو سکتی ہے۔ قرآن نے معاشرے کے بدنہاد افراد میں ان لوگوں کو بھی شامل کیا ہے۔ جو "پہچان" کو بدل لیتے ہیں فرمایا ---- معاشرے کے بدکردار افراد مثلاً فلاں فلاں کی بات کا نہ اعتبار کرو اور نہ گواہی تسلیم کرو۔ پھر آخر میں فرمایا کہ نہ ہی زنیم کا اعتبار کرو یعنی ایسے اشخاص جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچ کر یا ایک ملک سے ہجرت کر کے دوسرے میں جا کر سکونت اس لئے اختیار کریں تاکہ ذات بدل کر اونچی فیملیوں کا ممبر بنیں اور پھر رشتہ ناطے کے ذریعہ زن و فرزند اور مال و دولت سمیٹتے رہیں۔

(القلم' 11 تا 13)

قرآن کہتا ہے یہ بدنہاد مسلمان ہو کر بھی اس قابل نہیں کہ ان کی گواہی قبول کر لی جائے۔ کیونکہ ذات بدلنے سے نسل اور نطفے کا تحفظ' باقی نہیں رہتا ---- اب رہا یہ کہ اصل احترام "تقوٰے" سے مربوط ہے۔ جی بجا فرمایا آپ نے لیکن اتقاء کردار سے مربوط ضابطہ اخلاق ہے۔ جو ذات اور قومیت کے معنی میں استعمال نہیں ہو سکتا۔ آپ کسی کے ساتھ متقی' حاجی نمازی' زکوتی اور جہادی کے لاحقے اضافہ کر کے ذات اور قومیت کے مفہوم میں استعمال نہیں کر سکتے آپ طارق تمیمی' براہوی' جونیجو' خاصخیلی تو استعمال کر سکتے ہیں کہ یہ "پہچان" کے طغرے ہیں۔ حاجی و نمازی اس مفہوم میں استعمال نہیں کر سکتے

جبکہ قرآن ذات کا ابہام نہیں چاہتا کہ ذات کی اصلی پہچان اللہ کا ضابطہ ہے اسی طرح کردار کا اچھا ہونا بھی اللہ کی منشا کا عکاس ہے۔ دونوں اپنی جگہ مستقل قدریں ہیں۔

اس وضاحت کے ساتھ ہی مذہبی تاریخ کے ایک ایسے حادثے کا بیان کروں گا جو دل خراش بھی ہے اور شرمناک بھی۔ اور بدقسمتی سے اس سے قومیت بھی ملوث ہوتی ہے اور مذہب بھی۔ ہوا یوں کہ عباسیوں نے اپنے عم زاد علویوں اور جد زاد امویوں کو دبا رکھنے کے لئے صدیوں تک عجمیوں کا سہارا لیا۔ بعد میں ایشیائے کوچک میں بسنے والے ترکوں کو بھی درباری امور میں شریک و سہیم بنا لیا گیا۔ اس طرح ایرانی اور ترک عرب معاشرے کا جزو بنتے چلے گئے اور پھر ایک مرحلے پر حکومتی اہم مناصب پر بھی یہی لوگ فائز ہوتے رہے۔ اب ہوا یہ کہ یہ اجنبی اہلکار آہستہ آہستہ حکمرانی کے خمار میں بے خود ہوتے گئے اور غالباً" یہ سمجھ کر کہ عرب حکمران اس قدر ناتواں اور لاغر ہیں کہ کوئی بھی کام ترکوں کے سہارے کے بغیر سرانجام نہیں دے سکتے۔ لہٰذا عین ممکن ہے کہ اجنبیوں نے اختیارات کے استعمال میں ان کی عزت نفس کو ملحوظ نہ رکھا ہو۔ بہرحال احساس کی شدت نے قومیت اور عصریت کے جذبات کو انگیخت کی اور پھر یہ خیال اجاگر ہوا کہ یہ اجنبی ہیں تو ہمارے نوکر۔ کیوں نہ ان سے جان چھڑائی جائے۔ چنانچہ اندر ہی اندر قومیت کی کشمکش --- کا مواد پکنے لگا اور تاریخ بتلاتی ہے کہ سلطان صالح نجم الدین ایوب (1249م) نے جب (1230م) میں امام عز الدین بن عبدالسلام (1262م) کو جو درجہ اجتہاد پر فائز اور ابن تیمیہ سے زیادہ شہرت رکھتے تھے سلطان العلماء کے لقب سے نواز کر مملکت مصر کا چیف جسٹس بنا دیا' جبکہ ان کا تقرر بھی برمحل اور قدر شناسی کے اعلیٰ مذاق کا عکاس بھی تھا لیکن افسوس کہ حضرت امام جیسے "نابغہ" کا خمیر معلوم ہوتا ہے انتہائی بدبودار کیچڑ سے اٹھا ہوگا' کہ آپ نے اپنا منصب سنبھالتے ہی "مذہبی" وارداتیں شروع کر دیں۔ آپ سے پہلے مصر والے اور ترک ممالیک مل جل کر مملکت کا کاروبار چلاتے تھے مگر آپ نے اپنا منصب سنبھالتے ہی عرب قومیت کے استحکام کی تدابیر شروع کر دیں۔ ان دنوں مقتدر اعلیٰ اگرچہ ایک عادل بادشاہ تھا مگر مملکت کے کلیدی عہدوں پر جو امراء اور اعیان فائز تھے ان کی اکثریت عرب نہیں ترک نسل سے تعلق رکھتی تھی جو سلطان العلماء ابن عبدالسلام کے اجتہاد کے بموجب آزاد نہیں کیے جا سکتے تھے لہٰذا آپ کا فتویٰ تھا کہ "**حکم الرق مستصحب علیهم لبیت مال المسلمین**"

یہ ماضی میں ہمارے درباری محافظ تھے لہٰذا ان پر غلامی کے احکام صادر ہو سکتے ہیں جس کی رو سے وہ اسلامی بیت المال "سرکاری خزانے" کی جائیداد شمار ہوں گے اور انہیں فروخت کر کے خزانے کا پیٹ بھر دیا جائے۔

سلطان العلماء کے اس فتوے کی "زد" ان لوگوں پر بھی پڑی جو نائب السلطنت جیسے عہدہ جلیلہ پر فائز تھے۔ چنانچہ اب پوری فضا ترکوں کے غیض و غضب سے بھر گئی ادھر عربوں نے جو اس فیصلے سے پہلے ملی جلی حکومت چلاتے تھے اس فیصلے کو "نسلی اساس" پر برحق اور عرب قومیت کے حسب حال قرار دے کر ترکوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے مملکت کے تمام ادارے "ٹوٹ پھوٹ" کا نشانہ بنتے چلے گئے۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ ترک "نائب السلطنت" (وزیراعظم) اور دیگر زعمائے حکومت سلطان نجم الدین کے پاس شکایت لے کر جمع ہو گئے کہ ---- **کیف ینادی علینا هذا الشیخ و یبیعنا و نحن ملوک الارض .....**

یہ بڈھا شیخ کیسی باتیں کر رہا ہے اور ہمیں کیسے فروخت کرنا چاہتا ہے؟ جبکہ ہم غلام نہیں آزاد ہیں اور وسط ایشیاء کے بیشتر ملک ہمارے زیر نگیں ہیں -----

لیکن معاملہ چونکہ سیاسی سے "مذہبی" اور "خالی قومیت" سے شاؤنزم کی حدود میں داخل ہو چکا تھا ایسے میں نہ تو سلطان نجم الدین میں کسی کے "مراقعہ" (فریاد) سننے کی اخلاقی جرات موجود تھی اور نہ ہی عرب قومیت کا بپھرا ماحول کسی طرح کے نرم گوشے رکھنے کا متحمل ہو سکتا تھا۔ چنانچہ عز الدین بن عبدالسلام نے اپنی "قاضیانہ" شان وشوکت سے عربوں پر صرف عربوں کی حکومت کا سلوگن بلند کرتے ہوئے ترک نسل کے تمام افراد کو بولی دے کر سرعام نیلام کرڈالا اور فروخت کا پیسہ عربوں کے مفاد کے لئے خزانے میں جمع کرا دیا۔

اس واقعہ کو علامہ جلال الدین سیوطی (1505م) نے اپنی شہرہ آفاق تاریخ مصر" **حسن المحافرة فی تاریخ مصرو القاهره**" طبع لیتھو قاہرہ جلد 2/98'99 میں اور علامہ تاج الدین سبکی (1360م) نے اپنی تاریخی کتاب "**طبقات الشافعیہ**" طبع مصر جلد 5/80'109 میں تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ اس واقعہ پر جاحظ (868م) کی "التاج" کے حاشیہ نویس مشہور سکالر ڈاکٹر احمد زکی پاشا (1934م) تبصرہ فرماتے ہیں کہ

> تاریخ اسلام کا یہ منفرد واقعہ ہے کہ ایوبی حکمرانوں کے دور میں قاہرہ کے ترکوں کا نیلام عام کر دیا گیا۔
> (التاج- طبع امیریہ مصر 1914م صفحہ 161 سطر 13)

نہ صرف آزاد انسانوں کا نسلی اساس پر نیلام عام کر دیا گیا۔ امام عز الدین بن عبدالسلام کے فتوے اور حکم سے عربوں اور اسلام کی رسوائی کا سامان بھی ہو گیا۔ بلکہ روسیاہی کے اس واقعہ اور عربوں کی "حاوی تر" "قومیت" نے اپنے پیچھے کمزوری اضمحلال اور عدم استحکام کے جو اثرات چھوڑے اس کے نتیجہ میں فروخت شدہ ترکوں کے شدید ردعمل نے تھوڑے ہی دنوں بعد کایا پلٹ دی۔

نیلام ہو کر حکمران بن گئے

اس واقعہ سے ترکوں کے ردعمل نے جو رخ اختیار کیا وہ نہایت ہی شدید اور عربوں کے لئے نہایت ہی ذلت کا موجب بنا یعنی اب ہوا یہ کہ غیر عرب عملاً" مصر کے خودمختار حاکم بن گئے اب اگرچہ ---- حکمرانوں کی نئی کھیپ کا شہرہ "**الممالیک**" (خاندان غلاماں) کے لقب سے ہوا لیکن ان کی عملداری اتنی مضبوط اور خوشحالی کی حامل تھی کہ صدیوں تک ان کا چرچا رہا۔ بعد میں یہ المالیک دو فیملیوں کی صورت میں "منظرعام" پر آ گئے یعنی جسٹس عز الدین بن عبدالسلام کی زندگی ہی میں **ممالیک بحریین**" (Bahryyeen) کی حکمرانی شروع ہوئی جو 1250م سے 1380م تک حکومت چلاتے رہے ان کے تقریبا 26 بادشاہ ہو گذرے ہیں جن میں ظاہر "بیبرس" (1277م) جیسے نامور سلاطین بھی تھے۔

ممالیک کی دوسری فیملی "برجیین" (Burgiyyeen) پر مشتمل تھی جو (1382م) سے 1517م تک فرماں روائی کرتی رہی۔ ان کے تقریبا" 24 سلاطین سامنے آئے ہیں جن میں سلطان برقوق (1398م) جیسے آسمان شہرت کے ستارے نیز تھے۔

ناظرین محترم ایک تنگ ظرف ملاں نے اپنے قاضیانہ اختیارات کو غلط استعمال کر کے اپنی زندگی ہی میں اپنے اور تمام اہل مصر کے لئے رسوائی اور ذلت کا سامان بھی کیا اور اسلام کے ماتھے پر ایسا کلنک کا داغ بھی لگا دیا جو کبھی مٹائے نہ مٹے۔

ابن عبدالسلام کون تھے؟

امام موصوف شافی الاصل تھے۔ بہت سے تعلیمی اداروں کے نگران ہونے کے علاوہ جامع اموی دمشق کے خطیب اور امام بھی تھے۔ ادیب، دانشور، مفسر اور مجتہد بھی تھے۔ سلطان اسماعیل بن محمود (1181م) نے جب "صعد" کا قلعہ عیسائی حکمران کے سپرد کر دیا تو ابن عبدالسلام بپھر گئے اور جمعہ کے خطبہ میں اس کا نام حذف کر دیا۔ سلطان نے جیل بھجوا دیا جب رہا ہوئے تو مصر چلے گئے اور سلطان العلماء بن گئے۔ وہ انقلابی ضرور تھے مگر قومیت کے باب میں ٹھوکر کھا گئے۔ (طبقات السبکی طبع قاہرہ جلد 5/ 80'107) النجوم الزاھرہ طبع قاہرہ جلد 7/208 -- اور مفتاح دار السعادۃ طبع مصر جلد 2/212) وغیرہ

تبصرہ کتب

1- نام کتاب۔ ثبوت حاضر ہیں (قادیانیوں کے بدترین کفریہ عقائد و عزائم پر مبنی عکسی شہادتیں)
2- ترتیب و تحقیق۔ محمد متین خالد 3- ناشر۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت۔ حضوری باغ روڈ۔ ملتان
4- ضخامت۔ 871 صفحات - قیمت 300 روپے

تحریک احمدیت کے کفر و الحاد کے متعلق قارئین طلوع اسلام سے بڑھ کر کون آگاہ ہو گا کہ سب سے پہلے علامہ غلام احمد پرویزؒ ہی کے استدلال پر قانون کی بارگاہ میں انہیں کافر قرار دیا گیا تھا پھر بھی "ثبوت حاضر ہے" کے مصنف محترم محمد متین خالد کی ہمت اپنی مثال آپ ہے کہ انہوں نے قادیانی مذہب کے بانی آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے جانشینوں کے کفریہ عقائد و عزائم کی عکسی دستاویزات 871 صفحات پر مشتمل اس کتاب میں جمع کر دی ہیں۔ مصنف کا دعویٰ ہے کہ وہ اس کتاب میں درج تمام حوالوں اور عکسی نقول کی صداقت کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں اور قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر احمد سمیت کسی بھی قادیانی کو چیلنج کرتے ہیں کہ اگر اس کتاب میں موجود کوئی بھی عکس غیر حقیقی ہو یا کوئی بھی حوالہ من گھڑت پایا جائے تو وہ اس کے لئے ہر سزا قبول کرتے ہیں۔ قادیانیوں کے عقائد و عزائم پر لکھی گئی یہ کتاب ہماری نظر میں اس موضوع پر بہترین (Compandium) کا درجہ رکھتی ہے۔ 16 ابواب پر مبنی اس کتاب میں نبوت بند ہے، نبوت جاری ہے، اللہ، انبیاء، صحابہ کرامؓ، اولیا عظام، قرآن و سنت اور حرمین شریف کی توہین۔ علاوہ مرزا قادیانی کے حالات زندگی، مسلمانوں سے معاشرتی بائیکاٹ، انگریز کی حمایت اور شرمناک تحریروں جیسے عنوانات شامل ہیں۔ اس کتاب کے مطالعہ سے نہ صرف یہ کہ ہر پڑھا لکھا مسلمان قادیانیت کے ایک ایک پہلو سے آگاہ ہو جائے گا بلکہ خود قادیانی بھی اس کتاب سے ایمان کی روشنی حاصل کر سکیں گے۔ دوسرے تبصرہ نگاروں سے اتفاق کرتے ہوئے ہم بھی یہی سمجھتے ہیں کہ تحقیق و جستجو کی دنیا میں قادیانیت کے حوالہ سے یہ اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے۔ خوبصورت سرورق، خوشنما طباعت، قیمت اگرچہ قدرے زیادہ ہے لیکن ہم سمجھتے ہیں کتاب کا مطالعہ، ہمارے ان دانشوروں کے لئے بھی اتنا ہی مفید ثابت ہو گا جو اپنی روایتی رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قادیانیوں کو مسلمانوں کے دوسرے فرقوں کی طرح ایک فرقہ قرار دیکر آگے نکل جاتے ہیں اور ہماری نژاد نو کو بھی اس کے مطالعہ سے قادیانیت کی اصلی شکل دیکھنے کا موقع مل سکے گا۔ مصنف کے لئے ہم اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ "اللہ کرے زور قلم اور زیادہ"۔

مدیر طلوع اسلام

تفصیل عطیات برائے ختم نبوت فنڈ

نمبر شمار	نام معطی صاحبان	رقم
1-	بزم طلوع اسلام منگورہ ضلع سوات	1,000/= روپے
2-	محترم محمد بشیر گھرکی لاہور بذریعہ ڈاکٹر محمد سعید لاہور بزم	1,000/= روپے
3-	محترم محمد سعید ڈار گجرات	100/= روپے
4-	محترم عظیم الحسن بھٹی باغبانپورہ بزم لاہور	500/= روپے
5-	محترم شمس الرحمٰن باغبانپورہ بزم لاہور	500/= روپے
6-	محترم محمد طفیل مغلپورہ بزم لاہور	300/= روپے
7-	بزم طلوع اسلام کوئٹہ	6,000/= روپے
8-	محترم منصور احمد لندن	1034/= روپے
9-	محترم محمد امین ناروے	50,000/= روپے
10-	محترم سید عبدالقدیر لاہور	1,000/= روپے
11-	محترم اصغر علی بذریعہ محترم ایاز حسین انصاری صاحب	500/= روپے
12-	محترم غلام خاں بمقام خاکی مانسہرہ	200/= روپے
13-	محترم خالد چوہدری لندن	5,000/= روپے
14-	محترم خلیل احمد کرالے لندن بزم	50/= پاؤنڈ
15-	محترم عبدالشکور سمناکے لندن بزم	18/= پاؤنڈ
16-	محترم محمد طفیل فرانس	10,000/= روپے
17-	محترم سمیع الرحمٰن کراچی	500/= روپے

عطیات براہ راست اکاؤنٹ نمبر 35-4107 حبیب بینک لمیٹڈ
مین مارکیٹ گلبرگ برانچ لاہور میں بھی بھجوائے جاسکتے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر زاہدہ درانی
ایگزیکٹو ہیڈ
طلوع اسلام ٹرسٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سچے موتی

1- قرآن

حضرت علیؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ خبردار فتنہ واقع ہو گا۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! اس سے کس طرح نجات ہو گی۔ آپ نے فرمایا کہ کتاب اللہ (پر عمل کرنے) سے جس میں تمہارے درمیان (حرام و حلال یا طاعت و گناہ) کا حکم ہے اور حق و باطل کے اندر قول فیصل ہے۔ جس متکبر نے قرآن کو چھوڑا، ہلاک کرے گا اس کو اللہ اور جس نے قرآن کے سوا کسی دوسری چیز میں ہدایت طلب کی گمراہ کرے گا اس کو اللہ۔ جس نے قرآن کی طرف لوگوں کو بلایا، اس کو سیدھی راہ دکھائی گئی۔

(مشکوۃ۔ بحوالہ ترمذی۔ دارمی)

2- سبقت

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے۔ بعض نے ہم میں سے روزہ رکھا اور بعض نے نہیں رکھا۔ ہم ایک روز ایک منزل میں اترے۔ جن لوگوں نے روزہ رکھا تھا وہ ضعف سے نڈھال ہو کر آرام کرنے لگے اور جن لوگوں نے روزہ نہیں رکھا تھا وہ اپنے کاموں میں مصروف رہے۔ چنانچہ انہوں نے خیمے کھڑے کیے اور اونٹوں کو پانی پلایا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ دیکھ کر فرمایا آج وہ لوگ جنہوں نے روزہ نہیں رکھا تھا، سارا ثواب لے گئے۔

(بخاری و مسلم بحوالہ مشکوۃ)

4- باہمی تعلقات

رسول اللہ ﷺ نے ایک دن صحابہؓ سے فرمایا کیا میں تمہیں ایک ایسی چیز بتاؤں جو نماز، روزہ اور زکوۃ سے بھی افضل ہے۔

صحابہؓ نے اشتیاق کے ساتھ پوچھا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ چیز ہے۔

باہمی تعلقات کا درست رکھنا۔

(ابو داؤد)

5- اخوت

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ اشعر قبیلہ والوں کے ہاں یہ دستور تھا کہ جب کسی جنگ میں ان کے ہاں کھانا تھوڑا رہ جاتا یا ان کے ہاں بال بچوں پر ویسے ہی فاقے کی نوبت آجاتی تو یہ لوگ اپنے اپنے کھانے کی چیزوں کو ایک جگہ اکٹھا کر لیتے اور پھر اس کے برابر حصے کر کے، آپس میں تقسیم کر لیتے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ لوگ مجھ سے ہیں اور میں ان میں سے ہوں۔

(صحیحین)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اقصیٰ نواز

عورت کیا ہے؟

روح انسانی کو اللہ نے مٹی کے دو لباس عطا کئے۔ ایک مرد کی شکل میں، دوسرا عورت کے روپ میں۔ کوئی مانے یا نہ مانے مگر یہ ایک حقیقت ہے کہ عورت بھی مرد کی طرح ایک انسان ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ مرد تو اپنی زندگی اپنی مرضی سے گذارتا ہے لیکن عورت کو زندگی میں جو کچھ میسر آتا ہے، اس میں بسا اوقات اس کی چاہت کو کوئی دخل نہیں ہوتا۔ یقین نہ آئے تو گھر میں موجود خواتین سے پوچھ لیجئے۔ ہوش سنبھالتے ہی حدود و قیود اور فرائض کی ایک طویل فہرست اسے تھما دی جاتی ہے جسے طوہاً و کرہاً اسے نبھانا ہوتا ہے۔ اس فہرست پر چونکہ صاحبان اقتدار سے لیکر اجارہ داران مذہب کی مہر تصدیق ثبت ہوتی ہے اس لئے اس میں درج فرائض سے غفلت یا انحراف قابل دست اندازی مرد قرار پاتا ہے۔ وہ بہن ہے تو بھائی کی برتری کا بوجھ اٹھائے ہوئے، بیٹی ہے تو باپ کی طابع فرمان، بیوی ہے تو شوہر کی فرماں بردار، ماں ہے تو اولاد کی ناز بردار۔ ہر جگہ، ہر مقام پر اسے قربانی ہی کا درس دیا جاتا ہے اور بھول کر اگر کبھی حقوق کا لفظ اس کی زبان پر آجائے تو وہ اپنے دائرہ کار سے تجاوز کی مجرم قرار پاتی ہے اور پھر پوچھئے نہیں اسے کن کن مصائب سے گذرنا پڑتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے مرد کو عورتوں کا "قوام" یعنی کفیل ہونے کا فرض سونپا ہے۔ عورت اور مرد ایک دوسرے کا لباس قرار دیئے گئے ہیں۔ دونوں کے کچھ فرائض ہیں، کچھ حقوق۔ انہی حقوق و فرائض کے مطابق انہیں صلاحیتیں عطا ہوئی ہیں لیکن چند خواتین کو چھوڑ کر ازدواجی زنداں میں محبوس کسی بھی عورت کے چہرے پر نگاہ ڈالئے، اس کی آنکھوں میں جھانک کر دیکھئے اور انصاف سے کہئے کہ اس کے چہرے پر پھیلی ہوئی پژمردگی اور اس کی آنکھوں میں بسی ہوئی یاسیت، کیا اس بات کا ثبوت نہیں کہ مرد، جسے اللہ نے عورت کی کفالت کا ذمہ دار ٹھہرایا تھا، اپنے فرض سے غافل ہو چکا ہے یا یہ کہ بقول علامہ اقبال" یہ خدا روٹی تو دیتا ہے لیکن اس کے بدلے میں جان لے لیتا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ مرد اگر روزی کماتا ہے تو ہاتھ پر ہاتھ دھرے عورت بھی نہیں بیٹھی رہتی۔ دونوں کی شب و روز کی محنت کا موازنہ اگر ایک ہی پیمانے سے کیا جائے تو مرد کی طرف سے کفالت کا دعویٰ بھی برائے نام ہی رہ جاتا ہے مگر فرض یہی کر لیا گیا ہے کہ مرد کماتا ہے اور عورت خرچ کرتی ہے۔

عورت اور مرد کو ایک دوسرے کا لباس قرار دے کر اللہ نے یہ بات واضح کر دی ہے کہ تم دونوں ایک دوسرے کی تکمیل کا ذریعہ ہو۔ ایک دوسرے کا بھرم رکھو اور گھر میں باہمی محبت اور اعتماد کی فضا قائم کرو۔ عورت پر الزام ہے کہ وہ برابری کی دعویدار ہے حالانکہ بات صرف اتنی ہے کہ وہ مرد کی خوشیوں میں برابر کی شرکت کی طلبگار ہے۔ یہ حق اسے دیکر دیکھیں، گھر جنت بن جائے گا۔ کہا جاتا ہے ذہنی طور پر عورت جذباتی اور کمزور واقع ہوئی ہے۔ ہو سکتا ہے ماضی میں ایسا ہی ہو، لیکن پچھلے چند سالوں سے تعلیمی اداروں کے نتائج اس حقیقت کے غماز ہیں کہ احساس محرومی سے نکل

کر عورت اب اس راہ پر گامزن ہو چکی ہے جو اور نہیں تو معاشی طور پر اسے خود کفیل بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

میں اپنے بزرگوں کو درس دینے کی پوزیشن میں ہرگز نہیں لیکن یہ ضرور کہوں گی کہ جہاں اب تک دھونس دھاندلی' گالی گلوچ' مار پیٹ آزمانے کے باوجود گھر جہنم کے جہنم ہیں تو کیوں نہ کچھ عرصہ کے لئے محبت' یگانگت' حق شناسی اور دادرسی کو بھی آزما لیا جائے۔ ہو سکتا ہے اس چمن میں پھر سے بہار آجائے۔ میرا یہ مضمون پڑھنے کے بعد کسی ایک مرد نے بھی اپنے رویے پر نظرثانی کر لی تو میں سمجھوں گی کہ سفر کا آغاز ہو گیا۔ مجھے ہوا کے اس سرد جھونکے کا انتظار رہے گا۔

آخر میں مجھے اپنی ان بہنوں سے بھی کچھ کہنا ہے جو مرد کے جور و ستم پر نوحہ کناں ہیں یا حقوق نسواں کا پرچم تھامے گلی گلی گھوم رہی ہیں۔ میری یہ بہنیں تھوڑا سا غور کریں تو انہیں اندازہ ہو جائے گا کہ وہ مرد جنہیں عورت کے حقوق کی پامالی کا ذمہ دار ٹھہرایا جا رہا ہے عورت ہی کی گود میں پل کر اس قابل ہوئے ہیں۔ ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ بچے نے ذہنی طور پر جو کچھ بننا ہوتا ہے وہ اپنی عمر کے پہلے پانچ سالوں میں بن جاتا ہے اور یہ وہ عمر ہے جس میں بچہ کلی طور پر ماں کی تحویل میں ہوتا ہے۔ ماں چاہے تو اپنی گود کی زندگی بخش حرارت کے ساتھ ساتھ بچے کی تربیت اس انداز سے کر سکتی ہے کہ عورت کا احترام اس کی گھٹی میں شامل ہو جائے۔ کاش ہماری خواتین اس چھوٹی سی بات کو ذہن نشین کریں۔ بچپن میں اولاد کی تربیت اگر اس نہج پر نہیں ہو سکی تو کیا ہوا۔ ممتا کا ڈنڈا اب بھی ان کے ہاتھ میں ہے۔ وہ ماں جو اپنی بہو کو طلاق دلانے کے لئے بیٹے کو دودھ نہ بخشنے کی دھمکی دے سکتی ہے' اسے بیوی کی عزت کرنے کا سبق بھی یقیناً پڑھا سکتی ہے۔ کہتے ہیں جنت ماں کے پاؤں تلے ہے۔ اگر ایسا ہے تو بھی وہ کب تک جنت کو اپنے پاؤں تلے روندتی رہے گی۔ وہ اپنے گھر کو جنت بنانے کا کیوں نہیں سوچتی کہ بقول علامہ اقبالؒ ۔

وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ

اور یہ رنگ اخلاق حسنہ اور احترام آدمیت کا بھی تو ہو سکتا ہے۔ یہ رنگ اگر تصویر کائنات سے محو ہو چکا ہے تو بے قصور عورت بھی نہیں کہ نئی نسل کو سنبھالنا اور صحیح خطوط پر پروان چڑھانا مرد سے زیادہ عورت کی ذمہ داری ہے اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک ماں اور باپ اپنی اولاد کے لئے خود ماڈل نہیں بنتے کہ خربوزہ' خربوزے کو دیکھ کر ہی رنگ پکڑتا ہے۔

⁂⁂⁂⁂⁂⁂⁂

اظہار تشکر

میرے لخت جگر خالد ودود کی وفات پر جن کرم فرماؤں نے خود تشریف لا کر یا خطوط' ٹیلیفون کے ذریعے اظہار افسوس کیا ہے یا تعزیت کی قراردادیں بھجوائی ہیں۔ میں ان سب کا تہ دل سے ممنون ہوں۔

ڈاکٹر سید عبدالودود مکان 1|10

صادق سٹریٹ نمبر 19 نزد احاطہ مول چند اچھرہ لاہور۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد ارشاد ایس ایس ٹی

مرض کہن

انسانی تہذیب نے مختلف ادوار میں مختلف انداز سے زمین پر اپنی ملکیت (Ownership) قائم کی۔ پرانے زمانے میں بادشاہ ملک کی ساری زمین کا مالک ہوا کرتا تھا۔ سورہ الزخرف میں ہے **ونادٰی فرعون فی قومہٖ قال یٰقوم الیس لی ملک مصر و ھٰذہ الانھٰر تجری من تحتی افلا تبصرون** (43/51)

ترجمہ :- فرعون نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم ! کیا میں مصر کا مالک نہیں ہوں؟ کیا یہ نہریں جو میرے انتظام کے تحت جاری ہیں میری نہیں ہیں؟ اس دعویٰ ملکیت کی بنیاد پر فرعون نے اللہ کی مخلوق سے جو سلوک کیا وہ عبرت کی داستان بنا۔

جاگیرداری طرز معیشت کا تجزیہ کریں تو نظر آتا ہے کہ بادشاہ جب کسی پر خوش ہوتے تو اسے ایک علاقے کا جاگیردار بنا دیتے تھے۔ وہ بادشاہ کا مطیع و فرماں بردار ہونے کے سوا کسی اور کے سامنے جوابدہ نہیں ہوتا تھا۔ اپنی جاگیر میں وہ بادشاہ کی طرح سیاہ و سفید کا مالک ہوتا تھا۔ بادشاہت کمزور ہوتی تو مرکز سے الگ ہو کر جاگیردار اپنی الگ ریاستیں قائم کر لیتے اور اس طرح خلق خدا پر ان کی گرفت اور بھی مضبوط ہو جاتی۔

اقتدار اللہ کے نیک بندوں کو بھی ملا۔ مگر سب یہی کہتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوئے کہ "زمین و آسمان اللہ کی ملکیت ہیں"۔

فرمان خداوندی ہے۔

انا نحن نرث الارض ومن علیھا و الینا یرجعون (19/40)

ترجمہ :- بے شک ہم ہی زمین کے اور جو لوگ اس پر بستے ہیں ان کے وارث (مالک) ہیں۔ اور ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہوگا"۔

ولکم فی الارض مستقر و متاع الی حین (2/36)

ترجمہ :- زمین میں تمہارے لئے ایک خاص مدت تک "مستقر" ٹھکانہ اور "متاع" سامان زیست ہے۔

پس ثابت ہوا کہ زمین ایک کیمپ ہے جس میں رہ کر (ایک مدت تک) کام کرنا اور ضروریات زندگی حاصل کرنا ہے۔ لیکن انسان نے جہاں اور زیادتیاں کیں وہاں وہ زمین کا مالک بھی بن بیٹھا اور اپنے ہی جیسے انسانوں کے استحصال پر کمربستہ ہو گیا۔ انگریزوں کے لئے یہ نظام اور بھی ساز گار ثابت ہوا اس لئے انہوں نے بھی اسے جاری رکھا۔ مذہب کے مبلغین بھی چونکہ انہی بے رحم جاگیرداروں کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں اس لئے کوئی آواز اس قابل نہیں رہتی کہ ان کے خلاف بلند ہو سکے۔

حیرت ہے کہ ہم نفاذ اسلام کے لئے بے تاب ہیں۔ نفاذ قرآن کے بھی طلبگار ہیں لیکن اللہ کی زمین اللہ کے بندوں کے حوالے کرنے کا نام آتا ہے تو چپ سادھ لیتے ہیں حالانکہ قانون الٰہی تو ایک طرف ہمارے آئین کے مطابق بھی سرزمین پاکستان کو اللہ کے بندوں کے ہاتھوں میں 'اللہ کی

امانت قرار دیا گیا ہے۔ ملک کے مفکرین اور دانشور بارہا یہ مشورہ دے چکے ہیں کہ جاگیردارانہ نظام کی موجودگی میں ملک میں ترقی کا کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ان ہی خواہاں قوم میں مولانا حسرت موہانی، حضرت شیخ جلال تھانیسری، مولانا محمد علی تھانوی، مولانا محمد انور شاہ کشمیری، مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی، علامہ محمد اقبال، قائداعظم، علامہ عنایت اللہ خان المشرقی، حبیب جالب، جناب شورش کاشمیری، علامہ غلام احمد پرویز، خان بخت جمال خان، محمد اسلام، مسعود کھدر پوش، مولانا مناظر احسن گیلانی، ثریا عندلیب صاحبہ، محمد عمر دراز، علامہ رحمت اللہ طارق، محمد قاسم نوری، حسین امیر فرہاد، عبداللہ ثانی، عبدالرزاق، سید نواب حیدر نقوی، محمد لطیف چوہدری، ڈاکٹر اسرار احمد، پروفیسر فتح محمد ملک، احمد ندیم قاسمی، مس شمیم انور لاہور، ڈاکٹر سید عبدالودود، حسین احمد حقانی، ڈاکٹر زاہدہ درانی کے اسماء گرامی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ملک یزداں را بیزداں بازدہ
تا زکار خویش بکشائی گرہ
زیر گردوں فقر و مسکینی چراست؟
آنچہ از مولاست، می گوئی زماست!

علاوہ ازیں روزنامہ راولپنڈی کی اشاعت بتاریخ 27 جولائی 1997ء میں "قابل فخر پاکستانی وکلا کی نظر میں" کے عنوان کے تحت چوہدری فضل الرحمٰن ایڈووکیٹ کا بیان شائع ہوا ہے۔ جس میں پاکستان میں ظلم و ناانصافی کا سبب جاگیردارانہ نظام قرار دیا گیا ہے۔

روزنامہ جنگ راولپنڈی کی بتاریخ 17 فروری 1996ء میں وفاقی وزیر محمود علی صاحب کا بیان یوں شائع ہوا "مشرقی پاکستان علیحدہ نہ ہوتا تو جاگیردارانہ نظام باقی نہ رہتا"۔

ہمارے گرد و نواح میں بھارت، بنگلہ دیش، ایران، افغانستان میں جاگیردارانہ نظام ختم ہو چکا ہے۔ پاکستان میں یہ نظام ابھی تک باقی ہے۔ کیا اب بھی اس کے خاتمے کا وقت نہیں آیا۔

آئین پاکستان کی شق نمبر3 جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی طرف واضح اشارہ کرتی ہے۔ اس شق کی موجودگی میں جاگیردارانہ نظام کو باقی رکھنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

مندرجہ بالا شواہد اور آئین پاکستان کی شق نمبر3 کی رو سے پاکستان سے ملکیتی اور جاگیردارانہ نظام کو ختم کیا جانا چاہئے۔ تاکہ پاکستان میں انصاف کا بول بالا ہو۔

آئین پاکستان کی شق نمبر3

The state shall ensure the elimination of all forms of exploitation and the gradual fulfilment of the fundamental principle, from each according to his ability to each according to his work

برہان القرآن

کیلئے رابطہ کریں

احمد کامران مگسی 3|1339 گلشن آباد بیرون پاک گیٹ ملتان بزم طلوع اسلام معرفت شاہ سنز پاک گیٹ ملتان
عظیم پبلشنگ ہاؤس خیبر بازار پشاور محمد اعظم خواجہ پیپلز کلیرنگ ایجنسی 5 وقار سنٹر فرسٹ فلور جوڑیا بازار کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد حمید الظفر (طالبعلم)

فرقہ پرستی

مدت کے بعد اذانِ تبسم ملا مجھے
وہ بھی کچھ ایسا تلخ کہ آنسو نکل پڑے!

ہر فساد کا اولین جرثومہ نفرت سے پیدا ہوتا ہے جبکہ پارٹی اور فرقہ بندی کی بنیاد بھی نفرت پر ہے اور یہ ایک ایسا موذی مرض ہے جو انسان کو انسانیت کے مرتبے سے گرا دیتا ہے اور انسان خوف و حزن کا شکار ہو کر نفسیاتی مریض بن جاتا ہے۔ یہ وہ آگ ہے جس سے انسان کی خدا داد صلاحیتیں سلب ہو کر رہ جاتی ہیں اور اللہ کا یہ شاہکار وہ کچھ نہیں بن پاتا جو قرآن اسے بنانا چاہتا ہے۔ ہرچند کہ فرقوں میں بٹ کر ہم اپنی قوت کھو چکے ہیں لیکن ایک ذریعہ ہمارے پاس آج بھی موجود ہے جسے اپنا کر ہم اپنا کھویا ہوا سرمایہ پھر سے حاصل کر سکتے ہیں اور وہ ذریعہ ہے اللہ کی کتاب مبین۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کتاب ہدایت کی واضح راہنمائی کے باوجود ہم فرقوں میں بٹ کیسے گئے؟ شاید اس لئے کہ ہمیں بتایا گیا تھا کہ "رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ تفرقہ میری امت میں باعث رحمت ہے"۔ ہرچند کہ اب کہا جا رہا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہ تھی لیکن جو نقصان ہونا تھا وہ تو ہو چکا۔ اب ہم اس تفرقہ بازی کو سیاسی پارٹیوں کے ساتھ منسلک کر لیں یا مکاتب فکر کا نام دیکر اپنے آپ کو مطمئن کرنے کی کوشش کریں، بات تو یہی ہے کہ ایک رسی پر ہماری گرفت ڈھیلی پڑ چکی ہے۔ اور ہم مسلمان کہلانے کے باوجود ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو رہے ہیں۔ اب اگلا سوال یہ ہو گا کہ پارٹی بازی کیا واقعی جرم ہے اور یہ کہ اس سے جان چھڑانے کا کوئی ایسا طریقہ موجود ہے جس پر عمل کر کے ہم اس خود تراشیدہ بت سے چھٹکارا پا سکیں۔

پارٹی بازی کے باطل ہونے کی اس سے بڑی دلیل کیا ہو گی کہ قرآن کریم میں فرعون کو دی گئی چارج شیٹ میں درج جرائم میں سرفہرست یہ ہے کہ اس نے قوم کو پارٹیوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ اب رہ گیا اس کا علاج تو اقبال کے الفاظ میں۔

وہی دیرینہ بیماری وہی نامحکمی دل کی
علاج اس کا وہی آبِ نشاط انگیز ہے ساقی

وہ آب نشاط انگیز کیا ہے؟ اللہ کی کتاب عظیم! اسے زندگی کا سلیبس قرار دے لیجئے۔ اسے بطور آئین اپنا لیجئے اور طے کر لیجئے کہ آج کے بعد کوئی قاعدہ، کوئی قانون، کوئی رسم، کوئی رواج اس ملک میں، اس کتاب کے خلاف نہیں چلے گا۔ کسی فرد، گروہ، فرقے یا پارٹی کو اجازت نہیں ہو گی کہ وہ اپنے خود پسند اعتقادات کے مطابق کتاب عظیم کی تشریح کرے۔

حکمرانی اللہ کی ہو گی۔ نفاذ قرآن کے لئے قانون سازی منتخب مقننہ کرے گی اور عدلیہ چوکس رہے گی کہ کوئی قانون، حکم یا ہدایت احکام الٰہی کی روح کے منافی نہ ہو۔ کسی خود ساختہ مفتی واعظ یا امیر شریعت کو دوسروں پر کیچڑ اچھالنے

اور کفر کے فتوے صادر کرنے کی اجازت نہ ہو تو ہو سکتا ہے وقت کے ساتھ ساتھ فرقہ واریت کے جراثیم اپنی موت آپ مرجائیں۔ اور یہ قوم سکھ کا سانس لینے کے قابل ہو جائے۔لیکن!اور یہ لیکن بڑا ہی اہم ہے۔ لیکن اس سے پہلے کہ حکومت اس سمت میں کوئی قدم اٹھائے اسے مولوی کی روٹی کا متبادل انتظام بہرحال کرنا ہو گا ورنہ مولوی تو اسی طرح دندناتا رہے گا' حکومت کا بستر البتہ گول ہو جائے گا۔

FOR ALL PUBLICATIONS
OF
ALLAMA GHULAM AHMED PARWEZ®
AND RECORDED LECTURES ON QURAN
PLEASE CONTACT
TOLU-E-ISLAM TRUST
25B, GULBERG2, LAHORE

ACCOUNT NO.CURRENT 4107-35
MAIN GULBERG BRACH
HABIB BANK LIMTED LAHORE

PHONE: 5714546,5764484,5753666
FAX: 92 - 42 - 5764434
EMAIL: tluislam@brain.net.pk
INTERNET http://www.toluislam.com

لائف ممبرشپ مجلّہ طلوع اسلام

پاکستان میں	1,500/=
یورپ۔ مڈل ایسٹ	8,000/=
امریکہ۔ آسٹریلیا کینڈا	10,000/=

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلم حیات ملک

عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کار بے بنیاد

28 مئی 1998ء روزنامہ "اساس" راولپنڈی میں ایک اشتہار چھپا جس کا عنوان تھا۔ "ایٹم بم ایک حرام آلہ ہے" اشتہار میں ایٹمی، کیمیائی، حیاتیاتی ہتھیار، بڑے میزائل، انسان کش بارودی سرنگیں دین اسلام کے خلاف صریحاً" حرام قرار دیتے ہوئے امت مسلمہ سمیت تمام علماء کو اجتماعی طور پر صراط مستقیم سے بھٹکا ہوا بتایا گیا ہے۔ کہ وہ عذاب الٰہی کو دعوت دے رہے ہیں۔

